حويلي

مشتاق احمد يوسفي

وه آدمي هے مگر ديکهنے کي تاب نہيں يادش بخير ميں نے ١٩٤٥ ميں جب قبلہ کو پہلے ديکها تو ان کا حليہ ايسا ہو گيا تہا جيسا اب ميرا هے، ليکن ذکر همارے يار طرح دار بشارت علي فارقي کے خسر کا هے، لہذا تعارف کچه انہي کي زباں سے اچها معلوم هوگا، هم ني بارہا سنا آپ بهي سنيے۔وه هميشہ سے ميرے کچہ نہ کچہ لگتے تہے، جس زمانے ميں ميرے خسر نہيں بنے تہے تو پهوپا هوا کرتے تہے اور پهوپا بننے سے پہلے ميں انہيں چچا حضور کہا کرتا تہا،اس سے پهلے بهي يقينا وه کچہ اور لگتے هوں گے، مگر اس وقت ميں نے بولنا شروع نہيں کيا تہا،همارے ہاں مراد آباد اور کانپو ميں رشتے ناتے ابلي هوئي سويوں کي طرح الجهے اور پيچ در پيچ گہتے هوتے تہے، ايسا جلالي، ايسا مغلوب الغضب آدمي زندگي ميں نہيں ديکہا، بارے ان کا انتقال هوا توميري عمر آدهي ادهر ، آدهي ادهر ، چاليس کے لگ بہگ تو هوگي، ليکن صاحب جيسي دهشت ان کي آنکهيں ديکہ کر چهٹ پن ميں هوئي تہي، ويسے هي نہ صرف ان کے آخري دم تک رهي، بلکہ ميرے آخري دم تک بهي رهےگي، بڑي بڑي آنکہيں اپنے ساکٹ سے نکلي پڑي تہيں، لال سرخ، ايسي ويسي؟ بالکل خون کبوترا لگتا تہا بڑي بڑي پتليوں کے گردلال ڈوروں سے ابهي خون کے فوراے چهوٹنے لگيں گے اور ميرامنه خونم خون هو جائے گا، هر وقت غصے ميں بهرے رهتے تہے،جنے کيوں۔گالي ان کا تکيہ کلام تهي،او رجو رنگ تقرير کا تہا وهي تحرير کا ، رکہ هاته نکلتا هے دهواں مغز قلم سے ، ظاهر هے کچہ ايسے لوگوں سے بهي پالا پڑتا تہا، جنہيں بوجوه گالي نہيں دے سکتے، ايسے موقوں پر زبانسے تو کچہ نہ کہتے ليکن چهرے پر ايسا ايکسپريشن لاتے کہ قد آدم گالي نظر آتے، کس کي شامت آئي تهي کہ نا کي کسي بهي رائے سے اختلاف کرتا، اختلاف تو درکنا، اگر کوئي شخص محض ڈر کے مارے ان کي

رائے سے اتفاق کرلیتا تو فورا اپني رائے تبديل کر کے الٹے اس کے سر هوجاتے۔
ارے صاحب بات اور گفتگو تو بعد کي بات هے، بعض اوقات محض سلام سے مستعل هو جاتے تهے، آپ کچه بهي کهيں، کيسي هي سچي اور سامنے کي بات کهيں وه اس کي ترديد ضرور کريں گے، کسي کي رائے سے اتفاق کرنے ميں اپني سبکي سمجهتے تهے، ان کا هر جمله نهيں سے شروع هوتا تها، ايک دن کانپور ميں کڑاکے کي سردي پڑ رهي تهي، ميرے منه سے نکل گيا که آج بڑي سردي هے بولے نهيں، کل اس سے زيادہ پڑے گي۔
وه چچا سے پهوپا بنے اور پهوپا سے خسر الخدر ليکن مجهے آخر وقت تک نگاه اٹها کر بات کرنے کي جسارت نه هوئي، نکاح کے وقت وه قاضي کے پهلو ميں بيٹهے تهے، قاضي نے مجه سے پوچها قبول هے، ان کے سامنے منه سے هاں کهنے کي جرائت نه هوئي، بس اپني تهوڑي دسے دو مودبانه ٹهونگيں ماردیں جنهيں قاضي قبله نے رشته مناکحت کيلئے ناکافي سمجها قبله کڑک کر بولے لونڈے بولتا کيوں نهيں؟ڈانٹ سے ميں نروس هوگيا، ابهي قاضي کا سوال بهي پورا نهيں هوا تها که ميں نے جي هاں قبول هے کهه ديا، آواز ايک لخت اتنے زور سے نکلي که ميں خود چونک پڑا قاضي اچهل کر سهرے ميں گهس گيا حاضرين کهلکهلانے هنسنے لگے اب قبله اس پر بهنا رهے هيں که اتنے زور کي هاں سے بيٹي والوں کي هيٹي هوتي هے، بس تمام عمران کا يهي حال رها، اور تمام عمر ميں کرب قرابت داري قهري دونوں ميں مبتلا رها۔حالانکه اکلوتي بيٹي، بلکه اکلوتي اولاد تهي اور بيوي کو شادي کے بڑے ارمان تهے،ليکن قبله نے مائيوں کے دن عين اس وقت جب ميرا رنگ نکهارنے کيلئے ابٹن ملا جارها تها، کهلا بهيجا که دولها ميري موجودگي ميں اپنا منه سهرے سے باهر نهيں نکالے گا، دو سو قدم پهلے سواري سے اتر جائے گا اور پيدل چل کر عقد گاه تک آئے گا، عقد گاه انهوں نےاس طرح کها جيسے اپنے فيض صاحب قتل گاه کا ذکتر کرتے هيں اور سچ تو يه هے که قبله کي دهشت دل ميں ايسي بيٹه گئي تهي که مجهے تو عروسي چهپر کهٹبهي پهانسي گهاٹ لگ رها تها انهوں نےيه شرط بهي لگائي که براتيپلائو زردہ ٹهونسنے کے بعد هر گز يه نهيں کهيں گے که گوشت کم ڈالا اور شکر ڈيوڑهي نهيں پڑي، خوب سمجه لو، ميري حويلي کے سامنے بينڈ باجا هر گز نهيں بجے گا اور تهميں رنڈي نچواني هے تو ميرے لاش پر ، اپنے کوٹهے پر ے نچوائو

کسي زمانے ميں راجپوتوں اور عربوں ميں لڑکي کي پيدائش نحوست اور قهر الهي کي نشاني تصور کي جاتي تهي، ان کي غيرت يه کيسے گوارا کرسکتي تهي کن ان کے گهر برات چڑهے، داماد کے خوف سے وہ نوزائيده لڑکي کو زنده گاڑ آتے تهے، قبله اس وحشيانه رسم کے خلاف تهے، وه داماد کو زنده گاڑدينے کے حق ميں تهے۔
چهرے، چال اور تيور کو توال شهر لگتے تهے، کون که سکتا تها که بانس منڈي

میں ان کي عمارتي لکڑي کي ایک معمولي سي دکان ھے،نکلتا ھوا قد،چلتے تو
قد سینہ اور آنکہیں ، تینوں بیک وقت نکال کر چلتے ارے صاحب کیا پوچہتے
ھیں، اول تو ان کے چہرے کي طرف دیکہنے کي ہمت نہیں ھوتي تھي، اور
کبھي جي کڑا کرکے دیکہ بھي لیا تو بس لال بھبو کا آنکہیں نظر آتي تہیں، نگہ
نرم گرم سے اک آگ ٹپکتي ھے اسد، رنگ گندمي آپ جیسا ، جسےآپ اس گندم
جیسا بتاتے ھیح جسے کہاتے ھي حضرت آدم، بیک بیوي ودو گوش جنت سے
نکال دیے گئے، جب دیکھو جہلاتے تنتناتے رھتے ھیں، مزاج ،زبان اور
ہاتھکسي پر قابو نہ تہا،دائمي طیش سي لرزہ براندام رھنے کے سبب اینٹ، پتھر،
لاٹہي، گولي، گالي،کسي کا بھي نشانہ ٹہیک نہیں لگتا تہا،گچھي گچھي مونچہیں
جنہیں گالي دینے سے پہلے اور بعد میں تائو دیتے، آخري زمانے میں بہوؤں کو
بھي بل دینے لگے، گہٹا ھوا کسرتي بدن ململ کے کرتے سے جہلکتا تہا، چني
ھوئي آستین اور اس سے بھي مہین چني ھوئي دوپلي ٹوپي، گرمیوں میں خس کا
عطر لگاتے، کیکري کي سلائي کا چوڑي دار پاجامہ، چوڑیوں کي یہ کثرت کہ
پاجامہ نظر نہیںآتا تہا، دہوبي دروازھ کھٹکھٹا کر بلائیں تو چوڑي دار ھي میں
برآمد ھوں گے۔
واللہ میں تو یہ تصور کرنے کي بھي جرات نہیں کرسکتا کہ دائي نے انہیں
چوڑي دار کے بغیر دیکہا ھوگا بھري بھري پنڈلیوں پر خوب کھبتا تہا، ہاتہ کے
بنےریشمي ازار بند میں چابیوں کا گچہا چھنچھناتا رھتا جو تالے برسوں پہلےبے
کار ھوگئے تہے ان کي چابیوں بھیاس گچہے میں محفوظ تہیں، حد یہ کہاس
تالے کي بھي چابي تہي جو پانچ سال پھلے چوري ھوگیا تہا، محلے میں اس
چوري ک ابرسون چرچا رھا، اس لئے کہ چور صرف تالا، پھرہ دینے والا کتا
اور ان کا شجرھ نصب چرا کر لے گیا تہا، فرماتےتہے کہ اتني ذلیل چوري
صرف کوئي عزیز رشتے دار ھي کرسکتا ھے، آخري زمانے میں یہ ازاربند
گچہا بہت وزني ھو گیا تہا اور موقع بے موقع فلمي گیت کے بازو بند کي طرح
کہل کہل جاتا، کبھیجہک کر گرم جوشي سےمصافحہ کرتے تو دوسرے ہاتہ
سے ازار بند تہامئے، مئي جون میں ٹمپریچر ۱۱۰ ھوجاتااور منہ پر لو کے
تہپڑسے پڑبے لگتے تو پاجامے سي ائیر کنڈیشننگ کرلیتے، مطلب یہ کہ
چوڑیاں کو گہنٹون گہنٹوں پاني میں بگہو کر سر پر انگو چھا ڈالے، تربوز
کہاتے، خس خانہ و برفاب کہاں سے لاتے، اس کے محتاج نہ تہے، کتني ھي
گرمي پڑے، دکان بند نہیں کرتےتہے، میاں یہ تو بزنس، پیٹ کا دہندا ھے ، جب
چمٹے کي جہونپڑي پیٹ میں آگ لگ رھي ھو تو کیا گرمي کیا سردي لیکن
ایسےمیں کوئي شامت کا مارا گاھک آنکلے تو برا بہلا کہہ کے بہگا دیتے
تہے،اس کے وجود وھ کہنچا کہنچا دوبارہ انہي کے پاس آتا تہا، اس لئے کہ
جیسي عمدھ لکڑي وھ بیجتے تہے، ویسي سارے کانپور میں کہیں نہیں ملتي
تہي، فرماتے تہے، داغي لکڑي بندے نے آج تک نہیں بیچي، لکڑي اورداغ دار؟
داغ تو دو ھي چیزوں پ رسجتا ھے دل اور جواني۔

لفظ کے لچھن اور بازاري پان
تمباکو ، قوام، خربوزے اور کڑ ہے ہوئے کرتے لکھنو سے حقہ مراد آباد اور تالے علي گڑہ سے منگواتے تہے،حلوہ سوھن اور ڈپٹی نذیر احمد والے محاورے دلي سے، دانت گرنے کے بعد صرف محاوروں پر گزارا تہا، گالیاں البتہ مقامي بلکہ خانہ ساز دیتے جن میں سلامت وروداني پائي جاتي تھي، طبع زاد لیکن بلاغت سے خالي، بس جغرافیہسا کہینچ دیتے تہے،سلیم شاھي جوتیاں اور چزي آپ کے جے پور سے منگواتے تہے، صاحب آپ کا راجھستان بھي خوب تہا، کیا کیا سوغاتیں گنوائیں تہیں اس دن آپ نے----؟ کہانڈ، سانڈ ، بہانڈ اور رانڈ، اور یہ بھي خوب رھي کہ مار واڑیوں کو جس چیز پر بھي پیار آتا ھے اس کے نام میں ٹه ، ڈ، اور ڑ لگا دیتے ھیں، مگر یہ بات آپ نے عجیب بتائي کہ راجہتسان میں رانڈ سے مراد خوب صورت عورت ھوتي ھے مارواڑي زبان میں سچ مچ کي بیوہ کے لئے بھي کوئي لفظ ھے کہ نہیں؟یا سبھي خوب صورت نور علي نور بلکہ حور علي ھوتي ھیں، لیکن یہ بھي درست ھے کہ سوسوا سو سال قبل تک رنڈي سے بھي مراد صرف عورت ھي ھوتي تہي،جب سے مردوں کي نیتیں خراب ھوئیں ، اس لفظ کے لچہن بھي بگڑ گئے، صاحب راجہستان کے تین طرفہ تحفوں کے تو ھم بھي قائل اور گہائل ھیں، میرا بائي، مھندي حسن اور ریشماں۔

ہاں تو میں کہہ یہ رہا تہا کہ باھر نکلتے تو ہاته میں پان کي ڈبیا اور بٹوہ رھتا، بازار کا پان ھر گز نہیں کہاتے تہے، کہتے تہے بازاري پان صرف رنڈوے ،تماش بین اور بمبئي والے کہاتے ھیں، صاحب ین نفاست اور پرھیز میں نے انہي سے سیکہا، ڈبیا چاندي کي ، نقشین، بہاري، ٹہوس، اسمیں جگہ جگہ ڈینٹ نظر آتے تہے جو انساني سروں سے تصادم کے باعث پڑے تہے طیش میں اکثر پانوں بھري ڈبہہ پہینک مارتے ، بڑي دیر تک تو یہ پتہ ھي نہیں چلتا تہا کہ مضروب کے سر اور چھرے سے خون نکل رھا ھے بکہرے پانوں کي لالي نے غلط جگہ رنگ جمایا ھے، بٹوے خاص طور سے آپ کي جاے پیدائش درياست ٹونک سے منگواتے تہے، کہتے تہے کہ وہاں کے پٹورے ایسے ڈورے ڈالتے ھیں کہ اک ذرا گہنڈي کو جہوٹوں ہاته لگا دو تو بٹوہ آپي آپ مصاحبوں کي باچہوں کي طرح کہلتا چلا جاتا ھے، گٹکا بہوپال سے آتا تہالیکن خود ھي نہیں کہاتے تہے، فرماتے تہے میٹہا پان ، ٹہمري ، گٹکا اور ناول، یہ سب نابالغوں کے شغل ھیں، شاعري سے کوئي جاچ دلچسپي نہ تھي، ردیف قافیے سے آزاد شاعري بے بطور خاص چڑتے تہے، یوں بھي ، بقول شخصے ، آزاد شاعري کي مثال ایسي ھے جیسے بغیر نیٹ کے ٹینس کہیلنا، لیکن اتنا ضروري تہا کہ اردو فارسي کےجتنے بھي اشعار لکڑي ، آگ ، دہویں، ھیکڑي، لڑمرنے، ناکامي اور خوداري سے متعلق ھیں سب یاد کررکہے تہے، صورت حال کسي بھي قابو سے باھر ھوجاتي تو شعر سے اس کا دفعیہ فرماتے، آخري زمانے میں عزت گزیں اور مدم بیزار ھوگئے اور صرف دشمنوں کے جنازے

کو کندھا دینے کے لئے باھر نلکتے تہے ، جود ک وکاسني اور بیوي کو موتیا رنگ پسند تہا، شیرواني ہمیشہ موتیا رنگ کے ٹسر کي پہني۔
واہ کیا بات کورے برتن کي
بشارت کي زباني تعارف ختم ھوا، اب کچہ میري کچہ ان کیزباني سنیے اور رھي سھي زبان خلق سے جسے کوئي نہیں پکڑسکتا۔کانپور میں پہلے بانس منڈي اور پہر کو پر گنج میں قبلہ کي عمارتي لکڑي کي دکان تھي، اسي کو اپ ان کا حلیہ معاش اور وسیلہ مردم آزاري کہہ سکتے ھیں، تہوڑي بہت جلانے کي لکڑي بھي رکہتے تہے مگر اسے کبھي بھي لکٹري نہیں کہا، سوختہ یا ھیزم سوختہ کہتے تہے ،ان کي دکان کو کبھي کوئي نا آشنا ئے مزاج ٹال کہہ دیتا ھے تو دوسیري لے کر دوڑتے تہے، جواني میں پیسنیري لے کر دوڑتے تہے، تمام عمر پتھر کے باٹ استعمال کئے فرماتے تہے، لوھے کے فرنگي باٹ بھاري اور بے برکت ھوتے ھیں، پتھر باٹ کوبازؤں میں بھر کے سینے سے لگا کر اٹھانا پڑتا ھے اعمال تو دور رھے ، کسي کو یہ جرات نہیں ھوئي کہ ان پتہروں کا وزن ھي کروالے،کس کي شامت آئي تھي کہ ان دي ھوئي رقم یا لوٹائي ھوئي ریزگاري گن لے ، اس زمانے میں ، یعني اس صدي کي تیسري دھائي میں عمارتي لکڑي کي کھپت بہت کم تھي، سال اور چیڑ کا رواج عام تہا، بہت ھوا تو چوکہٹ اور دروازے شیشیم کے بنوالیے ، ساگوں ان تو صرف امرا رؤسا کي ڈائننگ ٹیبل اور گوروں کے تابوت میں استعمال ھوتي تھي، فرنیچر ھوتا ھي کہاں تہا، بھلےگہروں میں فرنیچر کے ذیل میں صرف چار پائي آتي تھي، جہاں تک ہمیں یاد پڑتا ھے، ان دنوں کرسي صرف دو موقعوں پر نکالي جاتے تھي، اول ، جب حکیم ، وید، ھومیوپیتھ ، پیر ، فقیر اور سیانوں سے مایوس ھو کر ڈاکڑ کو گھر بلایا جائے ، اس پر بیٹہ کے وھ جگہ جگہ اسٹے تہس کوپ لگا کر دیکہتا کہ مریض اور موت کے درمیان جو خلیج حائل ھوتي تھي اسے ان حضرات نے اپني دواؤں اور تعویز گنڈوں سے کس حد تک پر کیا ھے، اس زمانے کا دستور تہا کہ جس گہر میں موسمبي یا مہیمن لکڑي کي پٹاري میں روئي میں رکہے ھوئے پانچ انگور آئیں یا سولا ھیٹ پہنے ڈاکٹر آئے اور اس کے آگے آگے ھٹو بچو کرتا ھوا تیمار دار خصوصي اس کا چمڑے کا بیگ اٹہائے تو اڑوس پڑوس والے جلدي جلدي کھانا کھا کر خود کو تعزیت اور کاندھا دینے کے لئے تیار کرلیتے تہے، در حقیقت ڈاکٹر اس مرحلے پر بلا کر اس کرسي پر بیٹہا دیا جاتا تہا، جب وھ صورت ہال پیدا ھواجائے جس میں دو ھزار سال پھلے لوگ حضرت عیسي کو آزماتے تہے، کرسي کے استعمال کا دوسرا اور آخري موقع ھمارے یہاں ختنوں پر آتا تہا جب لڑکے کو دولہا کي طرح سجا بنا کر اور مٹي کا کھولنا ہاتہ میں دے کر اس کرسي پر بیٹھا دیا جاتا تہا، اس جلادي کرسي کو دیکہ اچھے اچھوں کي گہگہي بند ھوجاتي تھي، غریبوں میں اس مقصد کے لیے نئے ماٹ یا لمبي وضع کےکورے مٹکے کو الٹا کرکے سرخ کپڑا ڈال دیتے تہے۔

چارپائي

سچ تو يہ هے کہ جہاں چار پائي هو وہاں کسي فرنيچر کي ضرورت نہ گنجائش، نہ تک، انگلستان کا موسم اگر دل اتنا ذليل نہ هوتا اور انگريزوں نے بروقت چار پائي نہ ايجاد کرلي هوتي تو نہ صرف يہ کہ وہ موجودہ فرنيچر کي کھکھڑياں سے بچ جاتے ، بلکہ پھر آرام دہ چار پائي چھوڑ کر ، کالونيز بنانے کي خاطر، گھر سے باهر نکلنے کو بهي ان کا دل نہ چاهتا، اوور ورکڈ سورج ان کي سلطنت پر ايک دچدي تک همہ وقت چمکتے رهنے کي ڈيوٹي سے بچ جاتا، اور کم از کم آج کل کے حالات ميں اٹواٹي کھٹواٹي لےکر پڑا رهنے کے لئے ان کے گھر ميں کوئي ڈهنگ کي چيز تو هوتي ، هم نے ايک دن پروفيسر قاضي عبدالقادر وس ايم اے ، بيٹي سے کہا کہ بقول آپ کے، انگريز تمام ايجادات کے موجد هيں، آسائش پسند، بے حد پريکٹکل لوگ هيں ، حيرت هے چار پائي استعمال نہيں بولے ادون کسنے سے جان چراتے هيں،راقم الحروف کے خيال ميں ايک بنيادي فرق ذہن ميں ضرور رکہنا چاهئيے، وہ يہ کہ يورپين فرنيچر صرف بيٹہنے کے ليے هوتا، جب کہ هم کسي ايسي چيز پر بيٹہتے هي نہيں جس پر ليٹ نہ سکيں، مثال ميں دري، گديلے، قالين، جازم، چاندني، چارپائي،کوچہ يار اور پہلوئے دلدار کو پيش کيا جاسکتا هے ايک چيز همارے هاں البتہ ايسي تهي، جسے صرف بيٹہنے کے لئے استعمال کيا جاتا تہا، اسے حکمرانوں کا تخت کہتےهيں، ليکن جب انہيں اس پر لٹکا کر اور پهر لٹا کر نہلا ديا جاتا هے تو يہ تختہ کهلاتا تہا اور اس عمل کو تختہ الٹنا کہتے هيں۔

اسٹيشن، لکڑي منڈي او ربازار حسن ميں بجوگ

مقصد اس تمہيد غير دل پزير کا يہ کہ جہاں چارپائي کا چلن هو وہاں فرنيچر کي بزنس پنپ نہيں سکتي، اب اسے چوب عمارتي کہئيے يا هيزم غير سوختني دہند اس کا بهي هميشہ مندا هي رهتا تہا کہ دکانوں کي تعداد گا ہکوں سے زيادہ تهي، لہذا کوئي شخص ايسا نظر آجائے جو حليے اور چال ڈهال سے زرا بهي گا ہک معلوم هوتو لکڑ منڈي کے دکان دار اس پر ٹوٹ پڑتے بيشتر گاهک گرد نواح کے دهہاتي هوتے جو زندگي ميں پہلي اور آخري بار لکڑی کانپور آتے تہے، ان پجاروں کا لکڑي سے دو هي مرتبہ سابقہ پڑتا تہا، ايک اپنا گہر بناتے وقت ، دوسرے اپنا کريا کرم کرواتے سمے، قيام پاکستان سے پہلے جن پڑہنے والوں نے دلي يا لاهور کے ريلوے اسٹيشن کا نقشہ ديکہا هے ، وہ اس چهينا جهپٹي کا بخوبي اندازہ کرسکتے هيں۔١٩٤٥ ميں هم نے ديکها کہ دلي سے لاهور آنے والي ٹرين کے رکتے هي جيسے مسافر نے اپنے جسم کا کوئي حصہ دروازے يا کهڑکي سے باهر نکالا ، قلي نے اسي کو مظبوطي سے پکڑ کے سالم مسافر کو هتہيلي پررکہا اور هوا ميں ادهر اٹهاليا اور اٹها کر پليٹ فارم پر کسي صراحي يا حقے پر بٹها ديا، ليکن جو مسافر دوسرے مسافروں کے دهکے سے خود بخود ڈبے سے باهر نکل پڑے، ان کا حشر ويسا هي هوا جيسا اردو کي کسي نئي نويلي کتاب کا نقادوںکے هاته هوتا هے، جوچيز جتني بهي جس کے

ہاتھ لگي ، سر پر رکھ کر ھوا ہو گيا، دوسرے مرحلے میں مسافر پر ھوٹلوں کے دلال اور ایجنٹ ٹوٹ پڑتے، سفید ڈرل کا کوٹ پتلون ، سفید قمیض، سفید رومال، سفید کینوس کے جوتے، سفید موزے، ، سفید دانت، اس کے باوجود ھم محمد حسین آزاد کے الفاظ میں ھم یہ نہیں کہہ سکتے کہ چنبیلي کا ڈھیر پڑا ھنس رھا ھے، ان کي ھر چیز سفید اور اجلي ھوتي ھے، سوائے چہرے کے، ھنستے تو معلوم ھوتا توا ھنس رھا ھے، یہ مسافر پر اس طرح گرتے ھیں جیسے انگلستان میں رگبي کي گیند اور ایک دوسرے کہلاڑي گرتے ھیں، ان کي ساري تنگ ودو کا مقصد خود کچھ حاصل کرنا نھیں بلکہ دوسروں کو حاصل کرنے سے باز رکھنا ھوتا ھے، مسلامن کو ٹونٹي دار لوٹے، مستورات، کثرت اطفال اور قیمے کے بہبکے سے فورا پہچان لیتے اور فورا اسلام علیکم بائي کہ کر لپٹ جاتے ، مسلمان مسافروں کے ساتھ صرف مسلمان دلال ھي دہینگا مشتي کرسکتے تہے، جس کا دلال ہاتھ مسافر کے کپڑوں کے مظبوط ترین حصے پر پڑتا وھي ااس گہسٹیتا ھو باھر لے آتا، جن کا ہاتھ لباس کے کمزور یا بوسیدہ حصوں پر پڑتا وہ بعد میں ان کو بطور دستي رومال استعمال کرتے، نیم ملبوس مسافر قدم قدم پر اپني سترکشائي کرواتا، اسٹیشن کے باھر قدم رکہتا تو لاتعداد پہلوان جنہوں نے اکہاڑے کو ناکافي محسوس کرتے ھوئے تانگہ چلانے کا پیشہ اختیار کیا تھا ، خود کو اس پر چھوڑ دیتے تہے، اگر مسافر کے تن پر کوئي چتیہڑا اتفاقا بچہ رھا تو اسے بھي رام چندر جي کي کہڑاوں کي طرح سہادیتے، اگر کسي کے چوڑي دار کمر بند کا سرا تانگے والے کے ہاتھ لگ جاتا تو وہ غریب گرہ پر ہاتھ رکہے اس میں بندھا چلا آتا، کوئي مسافر کا دامن آگے سے کہینچتا، کوئي پھچھے سے زلیخائي کرتا ، آخري راونڈ میںس ایک تگڑا سا تانگے والا سواري کادایاں ہاتھ اور دوسرا منٹنڈ اور اس کا بایاں ہاتھ پکڑ کے کھیلنے لگتے ھیں، لیکن قبل اس کے ھر دو فریقین اپنے اپنے حصے کي ران نیچے بیٹھ کر مسافر کو یخلت اپنے کندہوں پر اٹہا لیتے اور تانگے میں جوت کر ھوا ھو جاتا۔

کم و بیش یہي نقشہ کو پر گنج کي لکڑي منڈي ھوا کرتا تہا،جس کے قلب میں قبلہ کي دکان تہي، گودام بالعموم دکان سے ملحق، عقب میں ھوتے تہے، گاھک پکڑنے کے لیے قبلہ اور تین چڑي مار دکان داروں نے یہ کیا کہ دکانوں کے باہر سڑک پر لکڑي کے چھوٹے چھوٹے کیبن بنالیے، قبلہ کا کیبن مسمند تکیئیے ، حقے، اگال دان اور اسپرنگ سے کہلنے والے چاقوں سےآراستہ تہا، کیبن گویا ایک نوع کا مچان تہا، جہاں سے گاھک کو مار گراتے تہے، پھر اسے چمکار پچکار کر اندر لے جایا جاتا جہاں کوشش یہ ھوئي تہي، کہ خالي ہاتھ اور بھري جیب واپس نہ جانے پائے، جیسے ھي کوئي شخص جو قیافے سے گاھک سے لگتا، سامنے سے گزرتا تو دور و نزدیک کے دکان دار اسے اشارے سے یا آواز دے کر بلاتے، مہاراج مہاراج، ان مہاراجوں کو دوسرے دکان داروں کے بنجے سے چہڑانے کیلئے اور خود گہسیٹ کر اپنے کچہار میں لے جانے کے

دوران اکثر ان کي پگڑياں کھل کر پيروں ميں الجھ جاتيں، اس سلسلے ميں آپس ميں اتنے جھگڑے اور ہاتھا پائي ھوچکي تھي کن منڈي کے تمام بيوپاريوں ني پنجايتي فيصلہ کيا کہ گاھک کو صرف وھي دکان دار آواز دے کر بلا گا جس کي دکان کے آگے سے وھ گزرے گا، ليکن جيسے ھي وھ کسي دوسرے دکان دار کے حلقہ تشدد ميں داخل ھوگا تو اسے کوئي اور دکان دار ھر گز نہيں آواز دے گا، اس کے باوجود چھينا جھپٹي اور کشم پچھاڑ بڑہتي رھي گئي تو ھر دکان دار کے آگے چونے سے حد بندي لائين کھينچ دي جائے گي،اس سے يہ فرق پڑا کہ کشتي بند ھوگئي،کبڈي ھونے لگي، بعض دکان داروں نے مار پيٹ، گاھکوں کا ہانکا کرنے اور انہيں ڈنڈا ڈولي کرکے اندر لانے کے لئے بگڑے پہلوان اور شہر کے چھٹے ھوئے شہدے اور مسٹنڈے پاٹ ٹائم ملازم رکہ لئے تہے، کساد بازاري اپني انتہا کو پھنچي ھوئي تہي، يہ لوگ دن ميں لکڑ منڈي ميں گاھکوں کو ڈرا دھمکا کر ناقص اور کنڈم مال خريدواتے اور رات کو يہي فريضہ بازار حسن ميں بھي انجام ديتے، بہت سے طوائفوں نے اپني آبرو کو ھر ضب زيادھ سے زيادھ غير محفوض رکہنے کي غرض سے ان کو بطور پمپ ملازم چھوڑا تہا، قبلہ نے اس قسم کا کوئي غنڈا اور بد کردار پہلوان ملازم نہيں رکھا تہا، کہ انہيں اپنے بازوں پر پورا بہروسہ تہا، ليکن اوروں کي طرح مال کي چرائي کٹائي ميں مار کٹائي کا خرچہ بھي شامل کرليتے تہے-

آلات اخراج خون: جونک، سينگي، لاٹھي

ھمہ وقت طيش کا عالم طاري رھتا تہا ، انہوں نے پہلے سے موڈ بنا کر ليٹتے تہے، کہ انکه کہلتے ھي غصہ کرنے ميں آساني ھو، پيشاني کے تين بل سوتے ميں بھي نہيں مٹتے تہے، غصے کي سب سے خالص قسم وھ ھوتي ھے، جو کسي اشتعال کي محتاج نہ ھو کسي بہت معمولي سے بات پر آجائے، غصے کے آخر ھوتے ھوتے يہ بھي نہيں ياد رھتا کہ آيا کہ کس بات پر تہا، بيوي ان کو روزھ رکھنے ديتي تہيں ، غالبا١٩٣٥ کا واقعہ ھے ، ايک دن عشا کي نماز کے بعد گڑ گڑا گڑ گڑاکر اپني ديرينہ پريشانياں دور کرنے کيلئے دعائيں مانگ رھے تہے، کہ ايک تازہ پريشاني کا خيال آتے ھي ايک دم جلال آگيا، دعا ھي ميں کہنے لگے کہ تو نے ميري پراني پريشاني ھي کون سے رفع کرديں، جو اب ين نئي پريشاني دور کرے گا اس رات مصالا تہ کرنے کے بعد پھر کبھي نماز نہيں پڑھي-

ان کے غصے پر ياد آيا، کہ اس زمانے ميں کن ميليے محلوں بازاروں ميں پھيري لگاتے تہے، کان کاميل نکالنے پر ہي کيا موقوف، دنيا جہان کے کام گھر بيٹہے ھوجاتے ھيں، سبزي، گوشت اور سودا سلف کي خريداري، حجامت ، تعليم، زچگي، پيڑہي، کھاٹ، کھٹولے کي-----يہاں تک کہ خود اپني مرمت بھي، سب گھر بيٹہے ھوجاتي، بيبيوں کے ناخن نہرني سے کاٹنے اور پيٹھ ملنے کے لئے نائين گہر آتي تہيں، کپڑے بھي مغلانياں گھر آکر سيتيں تہيں، تاکہ محرموں کو ناپ تک کي ھوا نہ لگے، حالانکہ اس زمانے ميں زنانہ پوشاک کے جو

نمونے هماري نظر سے گزرے هيں، وه ايسے هوتے تهے، کہ کسي بهي ليٹر بک سکا ناپ ليکر سيے جاسکتے تهے، غرض کہ سب کام گهر ميں هي هوتے تهے، کہ موت تک گهر ميں واقع هوتي تهيں، اس کے لئے باهر جا کر کسي ٹرک سے اپني روح قبض کروانے کي ضرورت نہيں پڑتي تهي، فساد خون سے کسي کے بار بار پهوڑے پهنسي نکليں، ، يا دماغ ميں خيالات فاسده کا هجوم دن دهاڑے بهي رهنے لگے، تو گهر پر هي فصد کهول دي جاتي هے، فاضل و فاسد خون نکلوانے کي غرض سے اپنا سر پهڑوانے والے يا پهوڑنے کيلئے، کسي سياسي جلسئے ميں جانے يا حکومت کے خلاف مظاهرے کرکے لاٹهي کهانے کي ضرورت پڑتي تهي، اس زمانے ميں لاٹهي کو آلہ اخراج خون کے طور پر استعمال نہيں کيا جاتا تها، جونک اور سينگي کے لگانے والي کنجرياں روز پهيري لگاتي تهيں، اگر اس زمانے ميں کسي حکيم کا هاته آج کل کے نوجوانوں کي نبض پر پڑجائے تو کوئي نوجوان ايسا نہ بچے جس کے تهاں سينگي لگي نظر نہ آئے، رهے سہے هم جيسے آج کل کے بزرگ کہ کي جس سے بات اس کو هدايات ضرور کي تو کوئي بزرگ ايسا نہ بچے گا، کس کي زباں پر حکيم صاحبان جونک نہ لگواديں۔

هم واقعہ يہ بيان کرنے چلے تهے کہ گرميوں کے دن تهے قبلہ ادلے کا قورمہ اور خربوزه تناول فرماکر کيبن ميں قيلو لہ کر رهے تهے، کہ اچانک کن مليے نے کيبن کے دروازے پر بڑے زور سے آواز لگائي کہ کان کا ميل ، خدا جانے ميٹهي نيند سورهے تهے، يا کوئي بہت هي حسين جواب ديکہ رهے تهے، جس ميں گاهک ان سے تهنے داموں دهڑ ادهڑ لکڑي خريد رهے تهے، هڑ بڑا کر آٹه بيٹهے، ايک دفعہ تو دهل گئے، چق کے پاس پڑي هوئي لکڑي اٹها کر اس کے پہيچهے هوليے، کمينے کي يہ جرات کن ان کے کان کے سے ققط ايک گزر دور بلکہ پاس ايسے گستےخانہ طريقے چيخنے، يہ کہنا تو درست نہ هوگا، کہ آگے آگے وه اور پهيچے پهيچے يہ، اس لئے قبلہ غصے ميں ايسے بهرے هوئے تهے کہ کبهي کبهي اس سے آگے بهي نکل جاتے ، سڑک پر کچه دور بهاگنے کے بعد کن ميليا گليوں ميں نکل گيا اور آنکهوں سے اوجهلک هوگيا، مگر قبلہ محض اپني چهٹي حس کي بتائي هوئي سمت ميںدوڑتے رهے اور يہ وه سمت تهي جس طرف کوئي شخص جس کے پانچوں حواس سلامت هوں ، جارحانہ انداز ميں لکڑي لاٹهي گهماتا هر گز نہ جاتا کہ يہ تهانے کي طرف جاتے تهي، اس وحشيانہ دوڑ ميں قبلہ کي لکڑي اور کن مليئۓ کا پگڑ جس کے هر پيچ ميں اس نےميل نکالنے کے اوزار اڑس رکهے تهے، زمين پر گر گيا، اس ميں سے ايک ڈبيا بهي نکلي جس ميں اس نے کان کا ميل جمع کررکها تها، نظر بچا کر اسي ميں تولہ بهر کر ميل نکال کر دکها ديتا کو ديکهو يہ تمهارے کام سي نکلا هے ، کسي کے کان سے گولر کے بهنگے برآمد کر کے کہتا هے کہ تمهارے کان ميں جو بهن بهن تن تن کي آوازيں آرهي تهيں، وه انهيں کي تهيں ليکن يہ سچ هے کہ وه کان کي بهول بهليوں ميں اتني دور تک سجهح سجهح

سلائي ڈالتا چلاجاتا تہا کہ محسوس ھوتا کہ ابھي کان کے راستے آنتیں بھي نکال
کر ھتھیلي پر رکہ دے گا، قبلہ نے اس پگڑي کو ھکي پر چڑھا کر اپني کیبن
کے سامنے اس طرح گاڑ دیا جیسا اگلے وقتوں میں کوئي بے صبر ولي عہد ، یا
وھ نہ ھو تو پھر کوئي دشمن، بادشاھ سلامت کا سرکاٹ کر نیزے پر ھر خاص و
عام کي اطلاع کیلئے بلند کردیتا تہا، اس کي دہشت ایسي بیٹھي کہ دکان کے
سامنے سے بڑھئي، کھٹ بنئیے، سینگي لگانے والیوں اور سحري کیلئے
جگانے والوں ني بھي نکلنا چھوڑ دیا، ملحقہ مسجد کا کریہیہ السورت موذان بھي
عقب والي گلي سے آنے جانے لگا۔
کانسي کي لٹیا، بالي عمریا اور چگي داڑھي
قبلہ اپنا مال بڑي توجہ، محنت اور محبت سے دکہاتے تہے، محبت کا اضافہ ھم نے اس لیے کیا کہ وھ گاھک کو تو شیر کي نظر سے دیکہتے، مگر اپني لکڑیپر محبت سے ہاتہ پھیرتے رھتے، کوئي سا گو ان کا تختہ ایسا نہیں تہا،
جس کے ریشوں کے ابر اور رگوں کا طغري، اگر وھ چاھیں تو ، یاد داشت سے
کاغذ پر نہ بناسکتےھوں، لکڑ منڈي میں وھ واحد دکان دار تہے، جو گاھک کو
اپنا اور ھر شہتیر اور بلي کا شجرھ نسب ازبر کرادیتے تہے، ان کا اپنا شجرھ
نسب بلي سے بھي زیادھ لمبا تہا۔اس پر اپنے جد اعلي کو ٹانگ رکہا ھے، ایک
بلي کي قامت زیبا کي طرف اشارھ کرتے ھوئے کہتے، سوا انتالین فٹ لمبي ھے
، گونڈھ کي ھے، افسوس اصغر گونڈوي کے غوغائے شاعري نے گونڈھ کي
بلیوں کي شہرت کا بیڑا غرق کردیا، لاکہ کہو، اب کسي کو یقیین ھي نہیں آتا کہ
گونڈے کي اصل وجہ شہرت خوب صورت بلیاں تہیں، اصغر گونڈوي سے پہلے
ایسي سیدھي، بے گانٹہ بلي ملتي تہي، کہ چالیس فٹ اونچا سرے پر سے
چھلاچھوڑ دو تو بے روک ، سیدھا نیچےجہن سے آگے ٹھرتا ھے، ان کے ہاں
کا ھر شہتیر اصیل اور خانداني تہا، ، بیش ترخالص مغل یا روھیل کہنڈ کے
پٹہان معلوم ھوتے تہے، کہ ھر آئے گئے کے کپڑے پھاڑ تے اور خود مشکل
سے چرتے تہے، کبھي قبلہ کونے میں پڑے ھوئے گرم و سرد سیلاب چشیدہ
تختے کي طراف اتنے ادب و احترامسے اشارھ کرتے گویا ابھي ابھي جودي
پھاڑ کي ترائي سے کشتي نوح میں سے اکھاڑ کر بطور خاص ایک دانہ آپ
کیلئے لے آئے ھیں، کبھي برمي ساگوان کے لٹھے پر شفقت سے ہاتہ پھیرتے
ھوئے کہتے، میاں ابھي اس کي عمر ھي کیا ھے بچہ ھے، بہت سے بہت اسي
سال ڈیڑھ ڈیڑھ سو سال کا ساگوان ارادي کے جنگلوں میں آندھي طوفان میں
بالکل کھڑي کمر استادرھتا ھے اور اس لیکن صاحب ھے بلا کا سیز نڈ،
سیکڑوں بارشوں اور سات دریائوں کا پاني پیکر یہاں پہنچا ھے اور اس لٹھے
پر تو مگر مچہ نے پیشاب بھي کیا ھے ، انگلي سے اشارھ کرتے ھوئے، یہ جو
کنول نین گرھ نظر آرھي ھے، اس پر مگر مچہ جس لکڑي پر موت دے اس ک
وحشر تک نہ دیمک لگتي ھے ، نہ آگ لگتي ھے اس پر جواجہ عبدالحمیدجو
منشیانہ ڈیسک کے لیےلکڑي خریدنے آئےتہے، پوچہ بہیٹے کي امگر مچہ کے

کھمبے سے بجاے درخت پر---- وہ جملہ مکمل نہ کرپائے تہے کہ قبلہ تنک کر بولے جي نہیں، مگر مچه تو سبیل اهل اسلام میں زنجیر سے بندہے هوئے ٹین کے گلاس سے پاني پي کر ، سڑک پر ، ٹہل ٹہل کر استنجا سکہاتے هیں، آپ کے والد صاحب کي طرح ، آیا خیال شریف میں؟

بس چوبیس گہنٹے مزاجکي کچہ ایسي هي جوالا مکهي کیفیت رهتي تہي، ایک دفعہ حاجي محمد اسحاق چمڑے والے کچه خریدنے آئے ، قبلہ یوں تو هر قسم کي تعریف میں زمین آسمان کے قلابے ملا دیتے تہے، لیکن شمیم پر سچ مچ فریفہ تہے، اکثر فرماتےتخت طائوس میں شاہ جہاں نے شیشم هي لگوائے تہي، شیشم کے گن گاهک اور قدر دان تو قبر میں جا سوئے ، مگر کیا بات هے شیشم کي جتان استعمال کروں اتنے هي جوهر کہلتے هیں، شیشم کي جس چارپائي اور دادا جان دونوں کي ولادت هوئي تہي، اپنے حسن تولد وتوارد کو قبلہ چارپائي اور دادا جان دونوں کے لئے باعث سعادت و افتجار رمجہتے هیں، حاجي محمد اسحاق بولے، یہ لکڑي تو صاف معلوم نہیں هوتي قبلہ نہ جانے کتنے برسوں بعد مسکرائے ، حاجي صاحب کي داڑهي کو ٹکٹکي باندہ کر دیکہتے هوئے ارشاد فرمایا، یہ بات هم نے شیشم کي لکڑي،کانسي کي لٹیا، بالي عمریا اور چگي داڑهي میں هي دیکہیں کہ جتنا ہاته پپهیرو اتني هي چمکتي هے، اعلي ذات کي شیشم کي پہچان یہ هے کہ آرا ، رندہ، برما سب کهنڈے کند اورہاته شل هوجائیں یہ چیز تہوڑا هي هے کہ ایک ذرا کیل ٹہونکو توالف سے لے کر تک چر جائے، پر ایک بات هے ، تازہ کٹي هوئي چیڑ سے بن مهکار کا ایک آبشار پهوٹ پڑتا هے لگتا هے اس میں نہایا جا رها هوں، جس دن کارجانے میں چیڑ کیکٹائي هونے والي هو، اس دن میں عطر لگا کر نہیں آتا۔

سائي کے ساته عزت سادات بهي گئي

یوں تو ان کي زندگي ڈیل کارنیگي کے هر اصول کي اول تا آخر نہایت کامیاب خلاف ورزي تهي، لیکن، بزنس میں انہوں نے اپنے هتہکنڈے الگ ایجاد کیے تہے، گاهک سے جب تک یہ نہ کہلوالیں کہ لکڑي پسند هے، اس کي قمیت اشارتا بهي نہیں بتاتے تہے، وہ پوچہتا بهیتو صاف تال جاتے، آپ بهي کمال کرتے هیں، آپ کو لکڑي پسند هے ،لے جائیے، گهر کي بات هے، گاهک جب قطعي طعر پر لکڑي پسند کرلیتا تو قبلہ ویمت بتائے بغیر ، ہاته پهیلا کر بیغانہ طلب کرتے۔

سستا سماں تہا، وہ دوني ي اچوني کي سائي پیش کرتا جو اس سودے کیلئے کافي هوتي، اشارے سے دہتکارتے هوئے کہتے، چاندي دکہائوں یعني کم ازکم ایک کلد اروپیہ نکالو، وہ بے چارہ شرما حضوري ایک روپیہ نکالتا جو اس زمانے میں پندرہ سیر گیہوں یا سیر بہر اصلي گهي کے برابر هوتا تہا، قبلہ روپیہ لے کر اپني هتهیلي پر اس طرح رکہے رهتے کہ اسےتسلي کے لئے نظر تو آتا رهے، مگر جهپٹانہ مارسکے ، هتهیلي کو اپنے زیادہ قریب بهي نہ لاتے، مبادا سودا ٹپنے سے پهلے گاهک بدک جائے کچه دهر بعد خود کہتے مبارک هو

سودا پکا ھوگیا،پھر قمیت بتاتے جسے سن کر وہ ھکا بکا رہ جاتا ، وہ قیمت پر حجت کرتا تو کہتے عجیب گہن چکر آدمي ھو، سائي دے کر پھرتے ھوں، ابھي روپیہ دےکر سودا پکا کیا ھےابھي تو اس میں تمھارا ہاتھ کي گرمائي بھي نہیں گئي اور ابھي پھر گئے، اچھا کہہ دو کہ یہ روپیہ تمھارا نہیں ھے، کھوکھوقمیت ناپ تول کر ایسي بتاتے کہ کائیاں سے کائیاں گاھک دبدھا میں پڑ جاتااور یہ فیچلہ نہ کرسکے کہ پیشگي ڈوبنے میں زیادہ نقچان ھے یا اس بہائو لکڑي خریدنے میں۔ دوران حجت کتني ھي گرما گرمي بلکہ ہاتھا پائي ھو جائے وہ اپني پتہیلي کو چت ھے رکہتے، متہي کبھي بند نہیں کرتے تہے ، تاکہ بے آبرو ھوتے ھوئے گاھک کو اطمینان رھے کہ کم از کم سائي تو محفوظ ھے ، ان کے بارے میں ایک قصہ مشھور تہا، کہ ایک سر پھرے گاھک سے جھگڑا ھوا تو دھوبي پاٹ کا داؤں لہا کر زمین پر دے مارا اور چھاتي پر چڑہ کر بیٹہ گئے، لیکن اس پوز میں بھي اپني ھتہیلي جس پر رروپیہ رکہا تہا ، چت ھي رکھي تاکہ اسے یہ بدگماني نہ ھو کہ روپیہ ھتہیانا چاھتے ھیں، لیکن اس میں شک نہیں کہ جیسي بے داغ اور اعلي لکڑي وہ بیچتے تہے ، ویسي بقول ان کے تمہیں باغ بہشت میں شاخ طوبي سے بھي دستیاب نہ ھوگي، داغي لکڑي بندے نے آج تک نہیں بیچي، سو سال بعد بھي دیمک لگ جائے تو پورے دام واپس کر دوں گا، بات دراصل یہ تہي کہ وہ اپنے اصولوں کے پکے تہے، مطلب یہ کہ تمام عمر اونچي دکان، صحیح مال، ظلط مال پر سختي سے کار بند رھے، سنا ھے کہ دنیا کے سب سے بڑے فیشن ایبل اسٹور ھیرڈز کا دعوي ھے کہ ھمارے پاس سوئي سے لے کر ھاتہي تک دستیاب ھے ،کہنے والے کہتے ھیں، کہ قیمت بھي دونوں کي ایک ھوتي ھے، ھیرڈز اگر لکڑي بیچتا تو باخدا ایسي ھي اوران ھي داموں بیچتا۔

یہ چھوڑ کر آئے ھیں
کانپور سے ھجرت کرکے کراچي آئے تو دنیا ھي اور تہي، اجنبي ماحول، بے روزگاري، بے گھري، اس پر مستزاد ، اپني آبائي حویلي کے دس بارہ فوٹو مختلف زاویوں سے کھنچو کر لائے تہے، ذرا یہ سائیڈ پوز دیکہے، اور یہ شارٹ تو کمال کا ھے ، ھر آئے گئے کو فوٹو دکہا کر کہتے یہ چھوڑ کر آئے ھیں، جن دفتروں میں مکان کے الاٹ منٹ کي درخواستیں دي تہیں، ان کے بڑے افسروں کو بھي کٹھرے کے اس پار سے تصویري ثبوت ، استحقاق دکہاتے، یہ چہوڑ کرآئے ھیں، واسکٹ اور شیرواني کي جیب میں اور کچہ ھو یا نہ ھو حویلي کا فوٹو ضرور ھوگا،یہ درحقیقت ان کا وزیٹنگ کارڈ تہا، کراچي کے فلیٹوں کو کبھي ماچس کي ڈبیا ، کبھي دڑبے، کبھي کابک کہتے، لیکن جن تین مہینے جوتیاں چٹخانے کے باوجود ایک کابک میں سر چھپانے کو جگہ نہ ملي تو آنکہیں کہلیں، احباب نے سمجہایا فلیٹ ایک گہنٹے میں مل سکتا ھے ، کسٹوڈین کي ھتہیلي پر پیسا رکہو اور جس فلیٹ کي چاھو چابي لے لو، مگر قبلہ تو اپني ھتہیلي پر پیسا رکہوانے کے عادي تہے، وہ کہاں مانتے، مہینوں فلیٹ

الٹ کروانے کے سلسلے میں بھوکے پیاسے، پریشان حال سرکاري دفتروں کے چکر کاٹتے رھے، زندگي بھر کسي کے ھاں مہمان نہ رھے اب بیٹي داماد کے ہاں مہمان رھنے کا عذاببھي سہا۔
اب کیا ھوئے گا؟
انسان جب کسي گھلادینے واکے کرب یا آزمائش سے گزرتا ھے تو ایک ایک ساعت ایک ایک برس بن جاتیھے اور یوں لگتا ھے جیسے
ھر برس کے ھوں دن پچاس ھزار
بیٹي کے گھر ٹکڑے توڑ نے یا اس پر بار بننےکا وہ تصور بھي نہیں کرسکتے تہے، کانپور میں کبھي اس کے ہاں کھڑے کھڑے ایک گلاس پاني پیتے تو ہاتہ پر پانچ دس روپے رکہ دیتے، لیکن اب؟ صبح سرجھکائے ناشتہ کرکے نلکتے تو دن بھر خاک چھان کر مغرب سے ذرا پہلے لوٹتے، کھانے کے وقت کہہ دیتےکہ ایراني ھوٹل میں کھا کر آیا ھوں، جوتے انہوں نے ھمیشہ رحیم بخش جفت ساز سے بنوائے، ان جوتوں کے تلے اب اتنے گھس گئے تھے، کہ چر چرانے کے لائق نہ رھے، پیروں میں ٹھیکیں پڑگئیں، شیروانیاں ڈھیلي ھوگئیں، بیمار بیوي رات کو درد سے کراہ بھي نھیں سکتي تھیں، کہ سمدھیانے والوں کي نیند خراب ھونے کا اندیشہ تھا، ململکے کرتوں کي لکھنوي کڑھائي میل میں چھپ گئي، چنٹیں نکلنے کے بعد آستینیں انگلیوں سے ایک ایک بالش نیچے لٹکي رھتیں، خضابي مونچھوں کا بل تو نہیں گیا، لیکن صرف بل کھائي ھوئي نوکیں سیاہ رہ گئیں، چار چار دن نہانے کو پاني نہ ملتا، موتیا کا عطر لگائے تین مہینے ھوگئے۔
بیوي گھبرا کر بڑے بھولپن سے مضافاتي لہجے میں کہتیں، اب کیا ھوئے گا؟، ھوگا کے بجائے ھوئے گا، ان کے منہ سے بہت پیارا لگتا تھا، اس ایک فقرے میں وہ اپني ساري سراسیمگي، معصومیت، بے بسي اور مخاطب کے علم نجوم اور اس کے بے طلب مدد پر بھروسا ۔۔۔۔۔سبھي کچھ سمودیتي تھیں، قبلہ اس کے جواب میں ھمیشہ بڑے اعتامد اور تمکنت سے دیکھتے ھیں، کہہ کر ان کي نشفي کر دیتے تھے۔

یہ زور دست و ضربت کاري کا ہے مقام
ھر دکھ، ھر عذاب کے بعد زندگي آدمي پر ایک راز کھول دیتي ھے، بودھیہ گیا کي چھاؤں تلے بدھ بھي ایک دکھ بھري تپسیا سے گزرے تھے، جب پیٹ پیٹھ سے لگ گیا ، آنکھیں اندھے کنوئوں کي تہ میں بےنور ھوئیں، اور ھڈیوں کي مالا میں بس سانس کي ڈوري اٹکي رہ گئي، تو گو تم بدھ پر بھي ایک بھید کہل تھا، جیسا اور جتنا اور جس کارن آدمي دکھ بھوگتا ھے، ویاس ھي بھید اس پر کھلتا ھے، نروان ڈھونڈنے والے کو نروان مل جاتا ھے، اور جو دنیا کي خاطر کشت اٹھاتا ھےتو دنیا اس کو راستہ دیتي چلي جاتي ھے۔
سو گلي خاک چھانکنے اور دفتر دفتر دھکے کہانے کے بعد قبلہ کے قلب حزیں پر کچھ القا ھوا، وہ یہ کہ قاعدے قانون داناؤں اور جابروں نے کمزور دل والوں

کو قابوں میں رکھنے کیلئے بنائے ھیں، جو شخص ہاتھي کي لگام ھي تلاشکرتا رہ جائے، وہ کبھي اس پر چڑھ نہیں سکتا، جام اس کا ھے جو بڑھ کر خود ساقي کو جام ومینا سمیت اٹھالے، بالفاظ دیگر، جو بڑھ کرتالے توڑ ڈالے ، مکان اسے کا ھوگیا، کانپور سے چلے تو اپني جمع جتھا، شجرہ ، اسپرنگ سے کھلنے والا چاقو، اختري بائي فیض آبادي کےتین ریکارڈ، مراد آبادي حقے اور صراحي کے سبزکیرریر اسٹنڈ کے علاوہ اپني دکان کاتالا بھي ڈھو کر لے آئے تھے، علي گڑھ سے حاص طور پر بنوا کر، تین سیر کم کانہ ھوگا، مذکورہ بالا القا کے بعد بزنس روڈ پر ایک اعلي درجے کا فلیٹ اپنے لیے پسند فرمایا، ماربل کي ٹائلز ، سمندري ھوا کي رخ کھلنے والي کھڑکیاں جن میں رنگین شیشے لگے تھے، دروزے کے زنگ آلود تالے پر اپنے علیگ تالے کي ایک ہي ضرب سے فلیٹ میں اپني آباد کاري بلا منت سرکار کرلي، گویا پروفیسر قاضي عبدالقدوس کے الفاظ میں، اولال لذکر کو ثاني الزکت پر مار کر آخر الزکر کا قبضہ لے لیا، تختي دوبارہ پینٹ کروا کے لگادي،اس سے پہلے اس پر کسٹوڈین متروکہ املاک کا نام لکھا تھا، قبلہ عالم جلال میں اس وھیں سے کیلوں سمیت اکھاڑ لائےتھے، تختي پر نام کے آگے، مضطر کانپوري بھي لکھوادیا، پرانے واقف کاروں نے پوچھا کہ آپ شاعر کب سے ھوگئے،فرمایا میں نے آج تک کسي شاعر پر دیواني مقدمہ چلتے نہیں دیکھا، نہ ڈگري، قرقي ھوتے دیکھي۔فلیٹ پر قابض ہونے کے کوئي چار ماہ بعد قبلہ چاڑي دار کا گھٹنارفو کر رھےتھے کہ کسي نے بڑے گستاخانہ انداز سے دروازہ کھٹکھٹایا، مطلب یہ کہ نام کي تختي کو پھٹ پھٹایا، جیسے ہي انھوں نے ہڑ بڑا کر دروازہ کھولا، آنے والے نے خود کا تعارف اس چرح کروایا کہ گویا اپنے عہدے کي چپڑ اس ان کے منه پر آٹھا کر دے ماري ھو،افسر ، محکمہ کسٹوڈین ایویکوي پراپرٹي، پھر ڈپٹ کر کہا بڑے میاں فلیٹ کا الاٹ منٹ آرڈر دکھاؤ، قبلہ نے واسکٹ کي جیب سے حویلي کا فوٹو نکال کر دیکھا یا، ، یہ چھوڑ کر آئے ھیں، اس نے فوٹو کا نوٹس نہ لیتے ھوئے قدرے درشتي سے کہا، بڑے میاں سنا نہیں کیا، الاٹ منٹ آرڈر دکھاؤ، قبلہ نے بڑي رسان سے اپنے بائیں پیر کا سلیم شاہي جوتا اتارا، اور اتني ھي رسان سے کہ اس کو گمان تک نہ ھوا کیا کرنے والے ھیں، اس کے منه پر مارتے ھوئے بولے یہ ھے یاروں کا الاٹ منٹ آرڈر ، کاربن کاپي بھي ملاحضہ فرمائیے گا، اس نے اب تک یعني تا دم تذلیل، رشوت کھائي، جاتے نہیں کھائے تھے، پھر کبھي ادھر کا رخ نہیں کیا۔

جس حویلي میں تھا ہمارا گھر

قبلہ نے بڑے جتن سے لي مارکیٹ میں ایک چھوٹي سے لکڑي کي دکان کا ڈول ڈالا، بیوي کےجہیز کے زیور اور ویبلي اسکا ٹ کي بندوق اونے پونے بیچ ڈالي ،کچه مال ادھار خریدا ، ابھي دکان ٹھیک سے جمي بھي نہیں تھي کہ ایک انکم

ٹیکس انسپیکٹر آنکلا، کھاتے ، رجسٹریشن، روکڑبہي، اور رسید بک کي طلبي
کیں، دوسرےدن قبلہ ھم سے کہنے لگے، مشتاق میاں سنا ھے آپ نے؟مہینوں
جوتیاں چٹخاتا، دفتروں میں اپني اوقات خراب کرواتا پھرا ، کسي نے پلٹ کر نہ
پوچھا کہ بھیا کون ھو، اب دل لگي دیکھیے ،کال ایک انکم ٹیکس کا تیس مار
خان دنداناتا ھوا آیا، لقہ کبوتر کي طرح سینہ پھیلائے، میں نے سالے کو یہ
دکھادي، یہ چھوڑ کرآئے ھیں، چندراکر پوچھنے لگا، یہ کیا ھے؟ ھم نے کہا
ہمارے ہاں اس محل سرا کہتے ھیں۔
سچ جھوٹ کا حال مرزا جانیں کہ انھیں سے روایت ھے کہ اس محل سرا کا
ایک بڑا فوٹو فریم کروا کے اپنے فلیٹ کي کاغذي سي دیورا میں کیل ٹھونک
رہے تھےکہ دیورا کے اس پار والے پڑوسي نے آکر درخواست کي ذرا کیل ایک
فٹ اوپر ٹھونکیں تاکہ دوسرے سرے پر میں اپني شیرواني لٹکا سکوں ،
دروازے زور سے کھولنے اور بند کرنے کي دھمکي سے اس زنگیائي کیل پر
ساري محل سرا پنڈولم کي طرح جہولتي رہتي تھي، گھر میں ڈاکیا یا نئي دھوبن
بھي آتي تو اسے بھي سکہاتے یہ چھوڑ کر آئے ھیں۔
اس حویلي کا فوٹو ھم نے بھي بار بار دیکھا، اس سے دیکھ کر ایسا لگتا تھا،
جیسے کیمرے کو موٹا نظر آنے لگا ھے، لیکن کمرے کے ضعف بصارت کو
قبلہ اپنے زور بیان سے دور رکھتے تہے، یوں بھي ماضی ھر شے کے
گردایک روماني ہالہ کھینچ دیتاھے ، گزرا ھوا بھي سہانا لگتا ھے، آدمي کا جب
کچھ چہن جائے تو وہ مست ملنگ ھوجاتاھے کسي فینٹسي لینڈ میں پناہ لیتا ھے۔

جس حویلي میں تھا ہمارا گھر
قبلہ نے بڑے جتن سے لي مارکیٹ میں ایک چھوٹي سے لکڑي کي دکان کا ڈول
ڈالا، بیوي کےجہیز کے زیور اور ویبلي اسکا ٹ کي بندوق اونے پونے بیچ ڈالي
،کچھ مال ادھار خریدا ، ابھي دکان ٹھیک سے جمي بھي نہیں تھي کہ ایک انکم
ٹیکس انسپیکٹر آنکلا، کھاتے ، رجسٹریشن، روکڑبہي، اور رسید بک کي طلبي
کیں، دوسرےدن قبلہ ھم سے کہنے لگے، مشتاق میاں سنا ھے آپ نے؟مہینوں
جوتیاں چٹخاتا، دفتروں میں اپني اوقات خراب کرواتا پھرا ، کسي نے پلٹ کر نہ
پوچھا کہ بھیا کون ھو، اب دل لگي دیکھیے ،کال ایک انکم ٹیکس کا تیس مار
خان دنداناتا ھوا آیا، لقہ کبوتر کي طرح سینہ پھیلائے، میں نے سالے کو یہ
دکھادي، یہ چھوڑ کرآئے ھیں، چندراکر پوچھنے لگا، یہ کیا ھے؟ ھم نے کہا
ہمارے ہاں اس محل سرا کہتے ھیں۔
سچ جھوٹ کا حال مرزا جانیں کہ انھیں سے روایت ھے کہ اس محل سرا کا
ایک بڑا فوٹو فریم کروا کے اپنے فلیٹ کي کاغذي سي دیورا میں کیل ٹھونک
رہے تھےکہ دیورا کے اس پار والے پڑوسي نے آکر درخواست کي ذرا کیل ایک
فٹ اوپر ٹھونکیں تاکہ دوسرے سرے پر میں اپني شیرواني لٹکا سکوں ،
دروازے زور سے کھولنے اور بند کرنے کي دھمکي سے اس زنگیائي کیل پر
ساري محل سرا پنڈولم کي طرح جہولتي رہتي تھي، گھر میں ڈاکیا یا نئي دھوبن

بھي آتي تو اسے بھي سکہاتے یہ چھوڑ کر آئے ھیں۔
اس حویلي کا فوٹو ھم نے بھي بار بار دیکھا، اس سے دیکھ کر ایسا لگتا تھا، جیسے کیمرے کو موتٹا نظر آنے لگا ھے، لیکن کمرے کے ضعف بصارت کو قبلہ اپنے زور بیان سے دور رکھتے تہے، یوں بھي ماضی ھر شے کے گردایک روماني ہالہ کھینچ دیتاھے ، گزرا ھوا بھي سہانا لگتا ھے، آدمي کا جب کچھ چہن جائے تو وہ مست ملنگ ھوجاتاھے کسي فینٹسي لینڈ میں پناہ لیتا ھے۔

وہ ازحام کہ عقل دھرنے کي جگہ نہیں

حویلي کے چندا اندروني کلوز اپ بھي تھے، کچھ کیمرے کي آنکھ اور کچھ چشم تصور کے رہین، منت، ایک سہ دري تھي جس کي دو محرابوں کي دراڑوں میں بازنطنیي اینٹوں پر کانپوري چڑیوں کے گھونسلے نظر آرھے تھے، ان پر مورش آرچیز کي تہمت تھي، چراغ رکھنے کا ایک آلہ طاقچہ ایسے آرٹسٹک زاویے سےڈہا تھا کہ پرتگالي آرچ کے آثار دکھائي دیتے تھے، فوٹو میں اس کے پہلو میں ایک چوبي گھڑونچي نظر آرہي تھي، جس کا شاھ جھاني ڈیزاین ان کے جدنے آب دار خانہ خاص سے بدست خود چرایا تھا، شاھ جہاني ھو یا نہ ھو، اس کے مغل میں کوئي شبعہ نہ تھا، اس لیے کہ اس کي ایک ٹانگ تیموري تھي، حویلي کي غلام گردشیں فوٹو میں نظر آرھي نہیں آرھي تہیں،لیکن ایک ھمسائےکا بیان ھے کہ ان میں گردش کے مارے خانداني بڑے بوڑھےرلے پھرتے ھیں، شمالي حصے میں ایک ستون جو مدتیں ھوئیں چھت کا بوجھ اپنے اوپر سے اوچھے کے احسان کي طرح اتار چکا تھا، رومن پلرز کا نادر نمونہ بتایا جاتا تھا، حیرت تھیکہ یہ چہت سے پہلے کیوں نہ گرا،اس کي ایک وجہ یہ ھوسکتي ھےکہ چاروں طرف گردن گردن ملبے میں دبے ھونے کے باعث، اس کے گرنےکیلے کوئي خالي جگہ نہ تھیایک شکستہ دیورا کے ساتھ لکڑي کي بوسیدہ نسیني سیڑھي اس طرح کھڑي تھي کہ یہ کہنا مشکل تھا کہ کون کس کے سہارے کھڑا ہے ، ان کي بیان کے مطابق جب دوسري منزل منھدم نہیں ھوئي تھي تو یہاں وکٹورین اسٹائل کا گرینڈ اسٹیر کیس ھوا کرتا تھا، اس غیر موجود چھت پر جہاں اب چمگادڑیں بھي لٹک نہیں لٹک سکتي، قبلہ ان آھني کڑیوں کي نشان دہي کرتے جن میں دادا کے زمانے میں المانوي فانوس لٹکے رھتے تھے، جن کي چمچئ روشني میں دو گھنگرالي خنجریاں بحتیں جو کبھي دو کوہان والے باختري اونٹوں کي مخمل نشینوں کےساتھ آئي تھیں، اگر یہ فوٹوں کي رننہ کمنڑي کے ساتھ نہ دیکھے ھوتے تو کسي طرح یہ قیاس و ذہن میں نہیں آتا سکتا تھا کہ پانچ سو مربع گز کي ایک لڑ کھڑاتي حویلي میں اتنے فنون تعمیر اور ڈھیر ساري تہذیبوں کا ایسا گھمسان ازدحام ھوگا کہ عقل دھرنے کي جگہ نہ رھے گي، پہلي مرتبہ فوٹو دیکھیں تو خیال ھوتا تھا، کہ کیمرا ہل گیا ھے، پھر ذارا غور سے دیکھیں تو حیرت ھوتي ھے کہ یہ ڈھنڈار حویلي اب تک کیسے

کھڑي ہے، مرزا کا خیال تھا کہ اب اس میں گرنے کي بھي طاقت نہیں ھے۔

وہ ترا کوٹھے پہ ننگے پاؤں آنا یاد ھے

حویلي کے صدر دروازے سے چند قدم کے فاصلے پر جہاں فوٹو میں گھورے پر ایک کالا مرغا گردن پھیلائے اذان دے رھا تھا، وہاں ایک شکتہ چبوترے کے آثار نظر آرھے تھے، اس کے پتھروں کے جوڑ اور درزوں میں سے پودے روشني کي تلاش میں گھبرا کے باھر نکل پڑے تھے، ایک دن اس چبوترے کي طرف اشارہ کرکے فرمانے لگے، کہ یہاں آب مصفا سے لبریز سنگ سرخ کا ھشت پہلو حوض ھوا کرتا تھا، جس میں ولایتي گولڈ فیش تیرتي رھتي تھیں، عارف میاں اس میں پاپونیر خبار کي کشتیاں تیرایا کرتے تھے، یہ کہتے کہتے قبلہ جوش و بیان میں اپني چھڑي لے کر کھڑے ھوئے، اس سے پھٹي ھوئي دري پر پر ھشت پہلو حوض کا نقشہ کھینچنے لگے، ایک جگہ فرضي لکیر قدرے ٹیڑھي کھینچ تو اسے پیر سے رگڑ کر مٹایا، چھڑي کي نوک سے اس بد ذات مجھلي کي طرف اشارہ کیا جو سب سے لڑتي پھرتي تھي، پھر ایک کونے میں اس مچھلي کي بھي نشان دہي کي جس کا جي ماندہ تھا، انھوں نے کھل کر تو نہیں کہا کہ آخر ہم ان کے خور تھے، لیکن ھم سمجھ گئے کہ مچھلي کا جي کھٹي چیزیں اور سوندھي مٹي کو کھانے کو بھي چاہ رہا ھوگا۔
قبلہ کبھي ترنگ میں آتے تو اپنے اکلوتے بے تکلف دوست رئیس احمد قدوائي سے فرماتے کہ جواني میں مئي جون کي ٹیک دوپہر یا میں ایک حیسین دوشیزہ کا کوٹھوں کوٹھوں ننگے پیر ان کي حویلي کي تپتي چھت پر آنا، اب تک مع ڈائیلاگ یاد ھے، یہ بات مرزا کي سمجھ میں آج تک نہیں آئي ، اس لیے کہ ان حویلي سہ منزلہ تھي، جب دائیں بائیں پڑوس کے دونوں مکان ایک ایک منزلہ تھے، حسین دوشیزہ اگر ننگے پیر ھو اور زیور حیا اتارنے کیلئے اتاولي ھورھي ھوں تب بھي یہ کرتب ممکن نہیں، ناواقتے کہ حسینہ ان کے عشق میں دوشیزہ ھونے کے علاوہ دو لخت بھي ھہ ھوجائے۔پلکھنفوٹو میں حویلي کے سامنے ایک چہتار پلکھن اداس کھڑي ہے، اس کا تخم ان کے جد اعلي سمندر سیاہ زانو پر سوار، کارچوبي کام کے چغے میں چھپا کر قحط کے زمانے میں دمشق سے لائے تھے، قبلہ کے قول کے مطابق ، ان کے پر دادا کے اباجان کہا کرتے تھے، کہ بےسروساماني کے عالم میں یہ ننگ خلائق، ننگ اسلاف ، ننگ وطن، ننگے سر، ننگے پیر، گھوڑے کي ننگي پیٹھ پر، ننگي تلوار ہاتھ میں لیے، خیبر کے سنگلاخ ننگے پہاڑوں کو پھلانگتا، وارد ھندوستان ھوا، جو تصویر وہ فخریہ کھینچتے تھے، اس سے تو یہ ہي ظاھر ھوتا تھا کہ اس وقت بزرگوار کے پاس ستر پوشي کے لیئے گھوڑوں کي دم کے سوا اور کچھ نہ تھا، جائداد، محل سرا، خدام ، مال و متاع -----سب کچھ وھیں چھوڑ آئے، البتہ اثاث البیت کا سب سے قیمتي حصہ یعني شجرہ نسب اور پلکھن کا تخم ساتھ لے آئے، گھوڑا جو انھي کي طرح نجیب الطرفین اور وطن مالوف سے بیزار تھا، تخم اور

شجرے کے بوجه سے رانوں تلے سے نکلا پڑ رھا تھا۔

شجرے کي ہر شاخ پہ نابغہ بیٹھا تھا

زندگي کي دھوپ جب کڑي ھوئي اور پیروں تلے زمین جائداد نکل گئي تو آئندہ نسلوں نے اسي شجر اور شجرے کے سائے تلے بسرام کیا، قبلہ کو اپنے بزرگوں کي ذہانت و فطانت پر بڑا ناز تھا، ان کا ہر بزرگ نادرھ روزگار تھا اور ان کے شجرے کي ھر شاخ پر ایک نابغہ بیھٹا اونگ رھا تھا۔
قبلہ نے ایک فوٹو اس پلکھن کے نیچے اس جگہ کھڑے ھو کرکہینچوایا تھا، جہاں ان کي نال گڑي تھي، فرماتے تھے، اگر کسي تخم ناتحقیق کو میري حویلي کي ملکیت میں شبہ ھوتو نال نکال کر دیکه لے جب آدمي کویہ معلوم نہ ھو کہ اس کي نال کہان گڑي ہے، اور پرکھوں کي ہڈیاں کہاں دفن ھیں، تو وھ مني پلانٹ کي طرح ھوجاتا ھے جو مٹي کے بغیر صرف بوتلوں میں پھلتا پھولتا ھے، اپني نال ،پرکھوں اور پلکھن کا ذکر اتنے فخر، غلو اور کثرت سے کرتے کرتے یہ احوال ھوا کہ پلکھن کي جڑیں شجرے میں اتر آئیں، جیسے گھٹنوں میں پاني اتر جاتا ھے ۔

امپورٹڈ بزرگ اور یوناني ناک

وھ زمانے اور تھے، شرافت اور نجابت کے معیار بھي مختلف تھے، جب تک بزرگ اصلي امپورٹڈ یعني ماورا النہري اور خیبر کے اس پار سے آئے ھوئے نہ ھوں، کوئي ھندوستاني مسلمان خود کو عزت دار اور نجیب نہیں گردانتا تھا، غالب کو تو شیخي بگھارنے کے لئے اپنا فرضي استاد ملا عبدالصمد تک ایران سے امپورٹ کرنا پڑا، قبلہ کے بزرگوں نے جب بے روزگاري اور عسرت سےتنگ آکر وطن چھوڑا تو انکھیں نم اور دل گدزار تھے، بار بار اپنا دست افسوس زانوئے اسپ پر مارتے اور ایک راوي شیوہ بیان کے بقول ایک دوسرے کي داڑھي پر ہاته پھیر کر استغفراللہ، استغفراللہ کہتے، تازہ ولایت جس سے ملے ، اپنے حسن اخلاق سے اس بات کا دل جیت لیا۔
پہلے جاں، پھر جان جاں، پھر جانے جانہ ھوگئے،پھر ہي پیارے لوگ بتدریج،پہلے خاں، پھر خان خاں، پھر خان خاناں ھوگئے،حویلي کے آر کي ٹیکچیر کي طرح قبلہ کے امراض بھي شاہانہ ھوتے تھے، بچپن میں دائیں رخسار پر غالبا آموں کي فصل میں پھنسي نکلي تھي، جس کا داغ ھنوزباقي تھا، فرماتے تھے، جس سال میرے یہاورنگ زیبي پھوڑا نکلہ، اسي سال بلکہ اسي ھفتے میں ملکہ وکٹوریہ رانڈ ھوئي، ساٹه کي پیٹھے میں آئے تو شاھجہانے حبس بول میں مبتلا ھوگئے، فرماتے تھے کہ غالب مغل بچہ تھا، ستم پیشہ ڈومني کو اپنے زھر عشق سے مار ڈالا، مگر خود اسي، گویا کہ میرے والے عارضے میں مرا، ایک خط میں مرقوم ھے کہ جرعہ جرعہ پیتا ھو اور قطرہ

قطرہ خارج کرتا ہوں، دمے کا دورہ ذرا تھمتھما تو قبلہ بڑے فخر سے فرماتے کہ فیضي ککو بھي یہي مرض لاحق تھا، اس نے ایک قطعےمیں کہا ھے، کہ وہ دوعالم میرے سینے میں سما گئے، مگر آدھا سانس کسي طور پر نہیں سمارہا، اپنے والد مرحوم کے با رے میں فرماتے تھے، کہ راج روگ یعني اکبري سنگر ھني میں انتقال فرمایا، مراداس سے آنتوں کي ٹي بي تھي، مرض تومرض قبلہ کي ناک تک اپني نہیں تھي، یوناني بتاتے تھے۔

مردہ ازغیب بروں آیدو کارے بکند

قبلہ کو دو غم تھے، پہلے غم ک ذکر بعد میں آئے گا، کہ وہ جاں گسل تھا، دوسرا غم دراصل اتنا ان کا اپنا نہیں جتنا بیوي کا تھا جو بیٹے کي تمنا میں گھل رھي تھي، اس غربت نے بڑي منتیں مانیں ، قبلہ کو شربت میں نقش گھول گھول کر پلائے ، ان کے تکیے کے نیچے تعویز رکھے، چھپ چھپ کر مزاروں پر چاردریں چڑھائیں، ہمارے ہاں لوگ جب زندوں سے مایوس ھوجاتے ھیں، تو ایک ھي آس باقي رہ جاتي ھے،مردہ ازغیب بروں آیدوکارے بکند۔
پچاس میل کے دائرے میں کوئي مزار ایسا نہ بچا جس کے سرھانے کھڑے ھوکر وہ اس طرح پھوٹ پھوٹ کر نہ روئي ھوں، کہ اہلقبر کے پسماندگان بھي تدفین کے وقت یوں نہ روئے ھوں گے، اس زمانے کے اھل القبور ، صاحب کرامات ھوں یا نہ ھوں کم ازکم قبر کے اندر ضرور ھوتے تھے، آج کل جیسا حال نہیں تھا کہ مزار اگر خالي ازمیت ھے تو غنیمت جانیے، ورنہ اللہ جانے اندر کیا دفن ھے ، جس کا اس دھوم سے عروس شریف منایا جارھا ھے، کوئي دن نہیں جاتا کہ کراچي کے اخباروں میں ایسے اشتہارات نہھوں کہ آج فلاں کا آسانہ عالیہ پر چادر شریف چڑہائي جارھي ھے، پانچ بجے گاگر شریف، جلوس کیشکل میں لے جائي جائے گي، پھر اس سے مزار شریف کو غسل دیا جائےگا، بعد نماز مغرب لنگر شریف تقسیم ھوگا، ھم نے بعض نودریافت بزرگوں کے نوتعمیر مزاروں کے ضمن میں تشریف پر تاکید اتنا زور دیکھا کہ دل میں طرح رح کے وسوسے اٹھنے لگے، ، ھم نہ ضعیف العتقاد ھیں،نہ وھابي ، لیکن کراچي کے مزار کے بارے میں جو ہمارے سامنے پر ھوا ھے ، ھم باعلان یہ تسلیم کرتے ھین کہ اس متعلق ھر چیز شریف ھے سوائے صاحب مزار کے۔
خیر یہ تو ایک جملہ متعر ضہ تھا جو جواني میں پھیل کر پورا پیرا بن گیا، عرض یہ کرنا تھا کہ قبلہ خود کو کسي زندہ پیر سے کم نہیں سپجھتے تھے، انھیں جب پتہ چلا کہ بیوي اولاد نرنیہ کي منت مانگنے چوري چھپے نا محرموں کے مزار پر جانے لگي ھیں،تو بہت ناراض ھوئے ، وہ جب بہت خفا ھوتے تو کھانا چھوڑدیتے تھے، حلوائي کي دکان سے ربڑي ، موتي چور کے لڈوں اور کچھوري لاکر کھا لیتے، دوسرے دن بیوي کا نسي کے رنگ کا دوپٹہ اوڑھ لیتیں اور انکے پسندیدہ کھانے یعني دو پیاز ، ڈیوڑھي شکر والا زردہ، بہت تیز مچوں کے ماش کے دھي بڑے کھلا کے انھیں منا لتیں، قبلہ اٹھي

مرغوبات پر اپنے ايراني اور عربي النسل بزرگوں کي نياز دلواتے، البتہ ان دھي بڑوں ميں مرچيں برائے نام ڈالواتے ، مزاروں پر حاضري پرقد غن بڑھ جاتا، بيوی بہت روئيں دہوئيں تو قبلہ کچھ پگھلے ، مزاروں پر جانےکي اجازت دے دي ، مگر اس شرط پر مزار کا مکين ذات کا کمبوه نہ هو، کمبوه مرد اور غزل گو شاعر سے پردھ لازم هے، خواه مرده هي کيوں نہ هوں، ميں ان کے رگ وريشہ سے واقف هوں، ان کے دشمنوں سے روايت هےکہ قبلہ خود بھي جواني ميں شاعر اور نہيال کے طرف سے کمبوھ تھے، اکثر فرماتے مرگ کمبوه جشنے دارد۔

کٹ کھنےبلاؤ کے گلے ميں گھنٹي

رفتہ رفتہ بيوي کو صبر آگيا، ايک بيٹي تھي، قبلہ کو وه عزيز سے عزيز تر هوتي چلي گئي، انهيں اس حد تک صبر آگيا ،کہ اکثر فرماتے ، خدا بڑا رحيم و کريم هے، اس نے بڑا فضل کيا بيٹا نہ ديا، اگر مجھ پر پڑتا تو تمام عمر خوار هوتا اور اگر نہ پڑتا تو عاق کرديتا۔
سياني بيٹي، کتني بھي چہيتي هو،، ماں باپ کي چھاتي پر پہاڑ هوتي هے، لڑکي، ضرورت رشتہ کي اشتہاري اصطلاحوں کے مطابق ، قبول صورت، سليقہ شعار، خوش اطوار، امور خانہ، داري سے بخوني واقف ، ليکن کس کي شامت آئي تھي، کہ قبلہ کي بيٹي کا پيام دے، همیں آتش نمر دو ميں کود نے کا ذاتي تجربہ نہيں، ليکن وثوق سے نہيں کہہ سکتے،هيں کہ آتش نمرود ميں بے خطر کود نے سے کہيں زياده خطرناک کام نمردو کے شجره نسب ميں کود پڑنا هے،جيسا کہ پہلے عرض کرچکے هيں، قبلہ همارے دوست بشارت کے پھوپا، چچا اور الله جانے کيا کيا لگتے تھے، دکان اور مکان دونوں اعتابر سے پڑوسيبھي تھے، بشارت کے والد بھي رشتے کے حق ميں تھے، ليکن رقعہ بہيجنے سے صاف انکر کرديا کہ بہو کے بغير پھر بھي گزارا هوسکتا هے، ليکن ناک اور تانگ کے بغير تو شخصيت نا مکمل سي هوگي، بشارت نے ريل کي پٹڑي سے خود کو بند هوا کر بڑي لائن کے انجن سے اپني خود کشي کي دهمکي دي، رسيوں سے بندهوانے کے بعد شرط خود اس ليے لگا دي، کہ عين وقت پر اٹھ کر بهاگ نہ جائيں، ليکن ان کے والد نے صاف کہہ ديا کہ اس کٹ کھنے بلاؤ کے گلے ميں تمهي گھنٹي ڈالو۔قبلہ مد بغ بد لحاظ منه پهٹ مشہور ہي نہيں تھے بھي، وھ دل سے ---بلکہ بے دلي سے بھي---- کسي کي عزت نہيں کرتے تھے، دوسرے کو حقير سمجھنے کا کچھ نہ کچھ جواز ضرور نکال ليتے مثلا کسي کي عمر ان سے ايک مہينے بھي کم هو تو اس کو لونڈا اور اگر ايک سال زياده هو تو بڑہو۔

ب و س ه اور چار نقطے

بشارت نے ان دنوں بي اے کا امتحان دي کيا تھا اور پاس هوني کا امکان ، بقول

ان کے ، ففٹي فٹي تھا، ففٹي فٹي اتنے زور سے اور فخریہ انداز میں کہتے تھے، گویا اپني کانٹا تول نصفا نچف نالائقي سے ممتحن کو کڑي آزمائش میں ڈال دیا ھے، فرصت ھي فرصت تھي، کیرم اور کوٹ پیس کھیلتے تھے، روحوں کو بلاتے اور ان سے ایسے سوالات کرتے کہ زندوں کو شرم آجائے، کبھي دن بھر بیٹھے نظیر اکبر آبادي کے کلیات میں وہ نقطے والے بلینک پر کرتے جو منشي نول کشور پریس نے بہ تقاضا ے تہذیب و تعغریرات ھند خالي چھوڑ دیے تھے، گفتگو میں ھر جملے کے بعد شعر کا ٹھیکا لگاتے، افسانہ نوسیي کي مشق و مشقت بھي جاري تھي، نیاز فتح پوري کي اطلسي فقرہ طرازي اور ابوالکلام کي جھومتي جھامتي گج گامني نثر کي چھاپ ، ایک انھي پر موقوف نہیں، اچھے اچھوں کي طرز تحریر پر تھي، بعض پر ماتھےکےجھومر کے مانند ،کچھ پر دھوبي کےنشان کي طرح اور کچھ پر اس طرح جیسے انگریز ملاح اپني محبوباؤں کي تصویریں جسم پر گد والیتے ھیں، جب ذرا گردن جھکائي دیکھ لي، کسي کي محتاجي نہیں، اردو نثر اس زمانے مین فیل پا میں مبتلا تھي، اس میں کچھ افاقہ ھوا تو معجون فلک سي کھا کر ٹیگوري ادب پاروں کے اڑن غالیچے پر سوار ھوگئي، بشارت ایک افسانےکا کلا ئمکس کچھ اس طرح تھا۔
انجم آرا کي حسن آفرنیوں، سحر انگیزوں، اور حشر سامانیوں سے شام جان معطر تھا،وھ لغزیدھ قدموں سے آگے بڑھیاور فرط حیا سے اپني اطلسي بانھوں کو اپني ہي دزیدھ دزدیدھ آنکھوں پ رکھا، سلیم نے انجم آرا کے دست حنائي کو اپنے آہني ہاتھ میں لے کر پتھرائي ھوئي آنکھوں سے اس کي ھیر تراش کلائي اور ساق بلوریں کو دیکھا اور گلنار سے لبوں پر ---- چار نقطے ثبت کردیے، اس زمانے میں لفظ بوسہ فحش سمجھا جاتا تھا، لہذا اس کي جگہ نقطے لگا دیئے جاتے تھے، بشارت گن کر اتنے ھي نقطے لگاتے جب جن کي اجازت اس وقت کے حالات، حیایا ھیرون نے دي ھو، ہمیں اچھي طرح یاد ھے کہ اس زمانے میں انجمن ترقي اردو کے رسالے میں ایک مضمون چھپا تھا۔ اس میں جہاں جہاں لفظ بوسہ آیا وہاں مولوي عبدالحق نے بربنائے تہذیب اس کے ھجے یعني ب س و ھ چھاپ کر الٹا اس کي لذت و طوالت میں اضافہ کردیا، یہاں ہمیں ان کا یا اپني حبیب لیب کي طرز نگارش کا مذاق اڑانا مقصود نہیں، ھر زمانے کا اپنا اسلوب اور آھنگ ھوتا ھے، لفظ کبھي انگر کھا کر، کبھي عباع عمامہ، کبھي ڈنر جیکٹ یا فولس کیپ ، کبھي پیر میںپائل یا بیڑي پہنے نظر آتے تھے، اور کبھي کوئي مداري اپني قاموسي ڈگڈگي بجاتا ھے تو لفظوں کے سدھے سدھائے بندر ناچنے لگتے ھیں۔یہ غریب الدیار عہد ، نا آشنائےعصر، بیگانہ خویش، نمک پرودہ ریش، خرابہ حسرت کہ موسوم بہ احمد، مد عو بابي الکلام ۱۸۸۸ءمطابق ذوالحجہ۱۳۰۵ھ میں ھستي عدم سے اس عدم ھستي میں وارد ھوا اور تہمت حیات سے متہم۔
اب لوگ اس طرح نہیں لکھتے، اس طرح پیدا بھي نہین ھوتے، اتني خجالت، طوالت و ذایت تو آج کل سیز یرین پیدائش میں بھي نہیں ھوتي۔

کوہ آتش فشاں میں چھلانگ

بالآخر ایک سہاني صبح بشارت نے بقلم خود رقعہ لکھا اور رجسٹري سے بھجوادیا، حالانکہ مکتوب الیہ کے مکان کي دیوار ملي ہوئي تھي، رقعہ ۲۳صفحات اور کم و بیش پچاس اشعار پر مشتمل تھا، جن میں سے آدھے اپنے اور آدھے عندلیب شاداني کے تھے، جن سے قبلہ کے برادرانہ مراسم تھے، اس زمانے میں رقعے زعفران سے لکھے جاتے تھے،لیکن اس رقعے کے لیے تو رعفران کا ایک کھیت بھي ناکافي ھوتا لہذا صرف القاب و آداب زعفران سے اور بقیہ مضمون سرخ روشنائي سے زیڈ کے موٹے نپ سے لکھا ، جن حصوں پر بطور خاص توجہ دلاني مقصود تھي ، انھیں نیلي روشنائي سے باریک حروف میں لکھا، مدعا اگرچہ گستاخانہ لیکن لہجہ برابر فدویانہ اور مضمون بے حد خوشامدانہ تھا، قبلہ کے حسن اخلاق، شفقت، خوش خوئي، خوش معا ملگي، صلہ رحمي، نرم گفتاري، مردانہ وجاہت ۔۔۔۔۔مختصر یہ کہ ہر اس خوبي کي جي کھول کر تعریف کي جس کا شائبہ تک قبلہ کے کردار میں نہ تھا، ساتھ ساتھ قبلہ کے دشمنوں کے نام بانام ڈٹ کر برائي کي، ان کي تعداد اتني تھي کہ۲۳ صفحات کے کوزے میں بند کرکے کھرل کر نا انھي کا کام تھا، بشارت نے جي کڑا کر کے یہ تو لکھ دیا کہ میں شادي کرنا چاہتا ھوں، لیکن اس وضاحت کي ہمت نہ پڑي کہ کس سے، مضمون بے ربط وثرولید سہي لیکن قبلہ اپنے حسن سیرت اور دشمنوں کي حر مزدگیوں کے بیان سے بہت خوشي ہوئي، اس سے پہلے ان کو کسي نے وجہیہ بھي نہیں کہا تھا کہ دو دفعہ پڑھ کر اپنے منشي کو پکڑا دیا کہ تم ھي پڑھ کر بتاؤ صاحب زادے کس سے نکاح کرنا چاھتے ھیں، اوصاف تو میرے بیان کیے جا رھے ھیں۔

قبلہ دیر تک اپنے مبینہ اوصاف حمیدہ پر دل ہي دل میں اترایا کیے، گلیشیئر تھا، کہ پگھلا جارہا تھا، مسکراتے ھوئے منشي جي سے گویا ھوئے، بعضے بعضے بے استادے شاعر کے اشعار میں کبھي کبھي الگ گرتا ہے، اس کے اشعار میں تو الفسے لے کر ے تک سارے حروف تہجي ایک دوسرے پر گرے پڑے ھیں، جیسے عیدہ گاہ میں نمازي ایک دوسرے کي کمر پر رکوع و سجود کرھے ھوں۔بشارت کي جرات رندانہ کي کہاني جس نے سني ششدر رہ گیا، خیال تھا کہ کوہ آتش فشاں پھٹ جائے گا، قبلہبي اگر ازراہ تر حم سارے خاندان کو قتل نہیں کیا تو کم از کم ھر ایک ٹانگیں ضرور توڑدیں گے، یہ سب کچھ نہیں ھوا قبلہ نے بشارت کو اپني غلامي قبول کرلیا۔

روان کیوں مارا گیا؟

قبلہ کي دکان داري اور اس کي لائي ھوئي آفتوں کي ایک مثال ھوتو بیان کریں ، کوئي گاہک اشارہ یا کنایتہ بھي ان کي کسي بات یا بھاؤ پر شک کرے تو پھع

اس کي عزت ہي نہيں، ہاتھ پير کي بھي خير نہيں، ایک دفعہ عجلت میں تھے، لکڑي کي قیمت چھوٹتے ھي دس روپے بتادي، دیہاتي گاہک نے پونے دس لگائے اور یہ گالي دیتے ہوئے مارنے کو دوڑے کہ خت گنورا کو اتني جرات کیسے ہوئي، دکان میں ایک ٹوٹی ہوئي چار پائي پڑي رھتي تھي، جس کے بانوں کو چرا چرا کر آرا کھینچنے والے مزدور چلم میں بھر کے سلفے کے دم لگاتے تھے، قبلہ جب باقاعدہ مسلح ہو کر حملہ کرناچاھتے تو اسچارپائي کا سیروا یعني سرھانے کیپٹي نکال کر اپنے دشمن یعني گاہک پر جھپٹتے،اکثر سیروے کو پچکارتے ہوئے فرماتے عجب سخت جان ھے، آج تک اس میں فریکچر نہیں ھوا،لٹھ رکھنا بزدلوں اور گنواروں کا وتیرہ ھے، اور لاٹھي چلانا، قصائي ، کنجڑوں ، غنڈوں، اور پولیس کا کام ھے، استعمال کے بعد سیروے کي فرسٹ ایڈ کرکے یعني انگوچھے سے اچھي طرح جھاڑ پونچھ کر واپس بھلنگے میں لگا دیتے، اس طریقہ واردات میں غالبا یہ حکمت عملي پوشیدہ تھي، کہ چار پائي تک جانے اور سیروا نکالنے کے وقفے میں اگر غصے کو ٹھنڈا ہونا ھے تو ھو جائے، اور اگر ان کے معتوب کي بینائي اور عقل زائل نہیں ھوئي ھے تو وہ اپني ٹانگوں کے استعمال میں مزید بخل سے کام نہ لے، ایک قدیم چیني کہاوت ھے کہ لڑائي جو ۳۸۰ پینترے داناؤں نے گنوائے ھیں، ان میں جو پینترا سب سے کارآمد بتایا گیا ھے، وہ یہ ھے کہ بھاگ لو اس کي تصدیق ھندو یا مالاسے بھي ھوتي ھے، روان کے دس سر اور بیس ہاتھ تھے، پھر بھي مارا گیا، اس کي وجہ ھماري سمجھ میں تو یہي آئي ھے، کہ بھاگنے کے لیے صرف دو ٹانگیں تھیں،حملہ کرنے سے پہلے قبلہ کچھ دیر خوخیاتے تاکہ مخالف اپني جان بچانا چاھتا ھوں توبچا لے جائے، فرماتے تھے، آج تک ایسا نہیں ھوا کہ کسي شخص کي ٹھکائي کرنے سے پہلے میں نے اس گالي دے کر خبردار نہ کیا ھو،کیا شعر ھے وہ بھلا سا؟ ہاں پشہ سے سیکھے شیوہ مردانگي کوئي جب قصد خوں کو آئے تو پہلے پکار دےانساني کردار میں مچھر کي صفات پیدا کرکے اتنا فخر کرتے ھیں ھم نے انھي کو دیکھا ، پروفیسر قاضي عبدالقدوس، ایم اے ، بے ٹي ني ان کے خیالات سےمتاثر ھو کر اپنےدو بقراطي لیکچروں کے مجموعے بعنوان خطابات چاکسو کي آؤٹ لائن بنائي، مشرقي شعر و روایت میں پشہ کا مقام تاریخي تناظر میں معروضي زاویے سے اور موازنہ پشہ و شاھین ہمارے قارئین ماشااللہ عاقل ھیں، اشارے کي بھي ضرورت نہیں کہ میدان کس کے ہاتھ رھا۔

ھوں لائق تعزیر، یہ الزام غلط ھے

قبلہ کي ھیبت سب کے دلوں پر بیٹھي تھي، بجزدائیں جانب والے دکان دار کے ، وہ قنج کا رھنے والا، نہایت خود سر، ہتھ چھٹ، بد معاملہ اور بد زبان آدمي تھا، عمر میں قبلہ سے بیس سال کم ھوگا، یعني جوان اور سرکش، چند سال پہلے تک اکھاڑے میں باقاعدہ زور کرتا تھا، پہلوان سیٹھ کہلاتا تھا، ایک دن ایسا ھوا

کہ ایک گاھک قبلہ کي سرحد میں ٣/٤ مرتبہ ھوچکا تھا، کہ پہلوان سیٹھ اسے پکٹ کر گھسیٹتا ھو اپني دکان میں لے گیا اور قبلہ مہاراج مہاراج پکارتے رھے، کچھ دیر بعد وہ اس کي دکان میںگہس کر گاھک کو چھڑا لانے کي کوشش کرر ھے تھے، کہ پہلوان سیٹھ نے ان کو وہ گالي دي جو وہ خود سب کو دیا کرتے تھے۔
پھر کیا تھا قبلہ نے اپنے اسلحہ خانہ خاص یعني چار پائي سے پٹي نکالي اور ننگے پیر دوڑتے ھوئے اس کي دکان میں دوبارہ داخل ھوئے، گاھک نے بیچ بچاؤ کرانے کي کوشش کي اور اولین غفلت میں اپنا دانت تڑوا کر مصالحتي کاروائي سے ریٹائرڈ ھوگیا، دریدہ دہن پہلوں سیٹھ دکان چھؤر کر بگٹٹ بھاگا، قبلہ اس کے پھیچے سر پٹ، تھوڑي دور جاکر اس کا پاؤ ریل کي پٹري میں الجھا اور وہ منہ کے بل گرا قبلہ نے جا لیا، پوري طاقت سے ایسا وار کیا کہ پٹي کے دو تکڑے ھوگئے، معلوم نہیں اس چوٹ سے آئي ریل کي پٹري پ رگرنے سے، وہ دیر تک بے ھوش پڑا رھا، اس کے گرد خون کي نلیا سي بن گئي۔ پہلوان سیٹھ کي ٹانگ کے ملٹي پل فریکچر میں کنگریں ھوگیا اور تانگ کاٹ دي گئي، فوگداري مقدمہ بن گیا، اس نے پولین کو خوب پیسا کھلایا اور پولین نے دیرینہ عدالت کي بنا پر قبلہ کا اقدام قتل میں چالان پیش کردیا، تعزیرات ھند کي اور بہت سے دفعات بھي لگادیں، لمبي چوڑي فرد جرم سن کر قبلہ فرمانے لگے کہ ٹانگ کا نہیں ،تعزیرات ھند کا ملٹي پل فریکچر ھوا ھے، پولیس گرفتار کرکے لے جانے لگي تو بیوي نے پوچھا اب کیا ھوئے گا؟ کندھے اجکاتے ھوئے بولےدیکھیں گے، عدالت مجسٹریٹي میں بیچ بچاؤ کرنے والے کا گاہک کا دانت اور آلہ قتل یعني چار پائي مع خون پلائي پوئي پٹي کے طور پیش ھوئے، مقدمہ سیشن سپرد ھوگیا، قبلہ کچھ عرصے ریمانڈ پر جوڈیشنل حوالات میں رھے تھے، اب جیل میں باقاعدہ خونیوں ، ڈاکوؤں ، جیب کتروں اور عادي مجرموں کے ساتھ رھنا پڑا، تین چار مچٹیوں کے بعد وہ بھي قبہ کو اپنا چچا کہنے اور ماننے لگے۔ ان کي طرف سے یعني بحثیت وکیل صفائي کانپور کي ایک لائق بیرسٹر مصطفے رضا قریشي نے پیروي کي، مگر وکیل اور موکل کا کسي ایک نکتے پر بھي اتفاق رائے نہ ھوسکا، مثلا قبلہ بضد تھےکہ حلف اٹھا کر بیان دوں گا مضروب نے اپني ولدیت غلط لکھوائي ہے، اس صورت اپنے باپ سے نہیں، باپ کي ایک اوباش دوست سے ملتي ہے، بیرسٹر موصوف یہ موقف اختیار کرنا چاھتے تھے، کہ چوٹ ریل کي پٹري پر گرنے سے آئي ہے، نہ کہ ملزم کي مبینہ ضرب سے، ادھر قبلہ کمرہ عدالت میں فلمي بیرسٹروں کي طرح طرح ٹہل ٹہل کراور کٹہر ے کو جنھجھوڑ جنھجھوڑ کر یہ اعلان کرنا چاھتے تھے کہ میں سپاھي بچہ ھو، دکان دار میرے لیے ذریعہ عزت نہین رھي بلکہ عر صہ دراز سے ذریعہ آمدني بھي نہیں رھا، ٹانگ پر وار کرنا ھماري شان سپہ گري اور شیوہ مردانگي کي توھین ھے ، میں تو دراصل اس کا سر پاش پاش کرنا چاہتا تھا، لہذا اگر مجھےسزا دیني ہي تو ٹانگ توڑنےکي نہیں،

غلط نشانے کي ديجئے هوں لائق تعزير ، يہ الزام غلط هے۔

ايام اسيري اور جوں کا بلڈ ٹيسٹ

عدالت ميں فوجداري مقدمہ چل رها تها، قرائن کہتے تهے کہ سزا هوجائے گي اور خاچي لمبي ، گهر ميں هر پيشي کے دن رونا پيٹنا مچتا، اعزاه اور احباب اپني جگہ پريشاناور سرا سيمہ کہ ذرا سي بات پر يہ نوبت آگئي، پوليس انهيں هتهکڑي پہنا کر پورے شہر کا چکر دے کر عدالت ميں پيش کرتي اور پہلوان سيٹه سے حق الخدمت وصول کرتي، بهولي بهالي بيوي کو يقين نہيں آتا تها، ايک ايک سے پوچهتيں بهيا کيا سچ مچ کي هتهکڑي پہنائي تهي؟ عدالت کے اندر اور باہر قبلہ کے تمام دشمنوں يعني سارے شهر کا ہجوم هوتا ، سارے خاندان کي ناک کٹ گئي، مگر قبلہ نے کبهي منه پر توليا اور ہتهکڑي پر رومال نہيں ڈالا، گشت کے دوران مونچهوں پر تاؤ ديتے تو ہتهکڑي جهن جهن جهن جهن کرتي، رمضان آيا تو کسي نہ مشوره ديا کہ نماز روزه شروع کرديجئے، اپنےکان هي پور کے مولانا حسرت موهاني تو روزے ميں چکي بهي پيستے تهے، قبلہ نے بڑي ہقارت سے جواب ديا لاحول ولا قوتہ ميں شاعر تهوڑا هي هوں، يہ نام هوگا غم روزگار سہ نہ سکا۔بيوي نے کئي مرتبہ پچهوايا اب کياهوئے گا؟، هر بار ايک هي جواب ملا ديکه ليں گے۔طيش کے عالم ميں جو بات منه سے نکل جائے يا جو حرکت سرزد هو جائے، اس پر انهيں کبهي نادم هوتے نہيں ديکها، فرماتے تهے، کہ آدمي اصل کردار کي جهلک تو طيش کے کوندے ميں ہي دکهائي ديتي هے ، جناجہ اپنے کسي کرتوت يعني اصل کردار پر پشيمان يا پريشان هونے کو مردوں کي شان کے خلاف سمجهتے تهے، ايک دن ان کا بهتيجا شام کو جيل ميں کهانا اور جوئيں مارنے کي دوا دے گيا، دوا کے اشتہار ميں لکها گيا تها، کہ اس کے ملنے سے جوئيں اندهي هوجاتيں هيں، پهر انهيں آساني سے پکڑ کر مارا جاسکتا هے ، جوں اور لکيه مانے کي مروجہ ترکيب بهي درج تهي، يعني جو کو بائيں ہاته سے کے انگهوٹے پر رکهو اور دائيں انگوٹهے کے ناخن سے چٹ سے کچل دو، اگر جون کے پيٹ سے کال يا گهر اعنابي خون نکلے تو فورا اکسير جالينوس مصفي خون پي کر اپنا خون صاف کيجئے، پرچے ميں يہ هدايت بهي تهي، کہ دوا کو کورس اس وقت جاري رکها جائے جب تک جوں کے پيٹ سے صاف شده خون نہ نکلنے لگے،قبلہ نے جنگلے کي طرف اشارے سے بهتيجے کو کہا کہ اپنا کان ميرے منه کے قريب لاؤ، پهر اس سے کہا کہ برخور دار زندگي کا کوئي بهروسہ نہيں، دنيا اس جيل سميت، سرائے فاني هے، غور سے سنو، يہ ميرا حکم بهي هے، اور وصيت بهي، لوہے کي الماري ميں دو هزار روپے آڑے وقت کے ليے ردي کے اخباروؤ کے نيچے چهپا آيا تها، يہ رقم نکال کر الن شهر کا نامي غنڈه کو دے دينا، اپني چچي کو ميري طرف سے دلاسا دينا، الن کو ميري دعا کہنا اور يہ کہنا کہ ان چهوں کي ايسي ٹهکائي کرے کے گهر والے صورت نہ پهچان سکيں، يہ کہ کر اخبار کا ايک ملس هوا پرزه

بتھیجے کو تھما دیا، جس کے شیے پر ان چه گواھان استغاثہ کے نام درج تھے جن کو پٹوانے کا انھوں نے جیل میں اس وقت منصوبہ بنایا تھا، جب ایسي حرکت پر انھیں آج کل میں سزا ھونے والي تھي۔
ایک دفعہ اتوار کو ان کا بھتیجا جیل میں ملاقات کیلئے آیا اور بولا کہ جیلر تک بآساني وفارش پہنچائي جاسکتي ھے ، اگر آپ کا جي کسي خاص کھانے مثلا زردہ یا دھي بڑے ، شوق کي مثنوي، سگریٹ یا مھوے کے پان کو چاھے تو چوري چھپے ھفتے میں ایک بار آساني سے پہنچایا جاسکتا ھے، چچي نے تاکید سے کہا ھے، عید نزدیک آرھي ھے رورو کر آنکھیں سجالي ھیں۔

ایام اسیري اور جوں کا بلڈ ٹیسٹ

قبلہ نے جیل کے کھدر کے نیکر پر دوڑتا ھوا کھٹمل پکڑتے ھوئے کہا مجھے قطعي طور کسي چیز کي حاجت نہیں، اگلي دفعہ آؤ تو سراج فوٹو گرافرسے حویلي کا فوٹو کہنچوا کر لانا کئیمہینے ھوگئے دیکھے ھوئے، جدھر تمہاري چچي کے کمرے کي چق ھے ، اس رخ سے کھینچتو اچھي لگے گي۔سنرتي نے زمین پر زور سے بوٹ کي تھاپ لگاتے اور تھر ناٹ تھري کي رائفل کا کندھ بجاتے ھوئے ڈپٹ کر کہا ملاقات کا وقت ختم ھوگیا، عید کا خیال کرکے بتھیجے کي آنکھیں ڈبڈبا آئیں اور اس نے نظریں نیچي کرلیں،اس کے ھونٹ کانپ رھے تھے، قبلہ نے اس کا کان پکڑا اور کھینچ کر اپنے منه تک لانے کے بعد کہا، ہاں ھوسکے تو جلد ایک تیز چاقوکم از کم چه انچ کے پھل والا، ڈبل روٹي یا عید کي سویوں میں چھپا کر بھجوادو، دوم ، بمبي میں پینٹینگولر شروع ھونے والا ھے ، کسے ترکیب سے مجھے روزانہ اسکور معلوم ھو جائے تو واللہ ھر روز عید ھو، ھر شب شب برات، خصوصا وزیر علي کا اسکور دن کے دن معلوم ھو جائے تو کیا کہنا۔
سزا ھوگئي، ڈیڑھ سال قید بامشقت، فیصلہ سنا، سراٹھا کر اوپر دیکھا ،گویا آسمان سے پوچه رھے ھوں تو دیکه رھا ھے ،کیا ھو رھا ھے، پولیس نے ہتھکڑي ڈالي ، قبلہ نے کسي قسم کے رد عمل کا اظہار نہیں کیا ، جیل جاتے وقت بیوي کوکہلا بھیجا کہ آج میرے جد اعلي کي روح پر فتوح کتني مسرور ھوگي، کتني خوش نصیب بي بي ھوتم کہ تمہارا دولھا جي ہاں ہي الفاظ استعمال کیا تھا، ایک حرامزادے کي ٹھکائي کرکے مردون کا زیور پہنےجیل، جارہا ھے، لکڑي کي ٹانگ لگوا کر گھر نہیں آرھا، دو رکعت نماز شکرانے کي پڑھنا ، بھتیجے کو تاکید کي کہ حویلي کي مرمت کراتے رہنا، اپني چچي کا خیال رکھنا، ان سے کہنا یہ دن بھي گزر جائیں گے، دل بھاري نہ کریں اور جمعے کوکانسي دوپٹا اوڑہنانہ چھوڑیں۔بیوي نے پھچوایا اب کیا ھوئے گا؟،جواب ملا دیکھا جائے گا۔

ٹارزن کي واپسي

دو سال تک دکان میں تالا پڑا رہا،لوگوں کا خیال تھا، جیل سے چھوٹنے کے بعد چپ چپاتے کہیں اور چلے جائیں گے، قبلہ جیل سے چھوٹے، ذرا جو بدلے ہوں، ان کي ریڑھ کي ھڈي میں جو جوڑ نہیں تھے جاپاني زبان میں کہاوت ھے کہ بندر درخت سے زمین پر گر پڑے ،پھر نھي بند ھي رھتا ہے، سو وھ بھي ٹارزن کي طرح چیختے ھوئے جیل سے نکل کر سیدھے اپنے آبائي قبستان گئے، والد کي قبر کي پاک پائینتي کي خاک سر پر ڈالي، فاتحہ پڑھي اور کچھ سوچ کر مسکرا دیے۔

دوسرے دن دکان کھولي، کیبن کے باہر ایک بلي گاڑ کراس پر ایک لکڑي کي ٹانگ بڑھئي سے بنواکر لٹکادي، صبح و شام اس کو سي سےکھینچ کر طرح چڑھاتے اوراتارتےتھے، جس طرح اس زمانے میں چھاؤنیوں میں یونیں جیک چڑھایا اتار جاتا تھا، جن نادہندوں نے دو سال سے رقم دبا کر رکھي تھي، انھیں یاد دہاني کے دھمکي آمیز خطوط لکھے، اور اپنے نام کے دستخط کے ساتھبریکٹ میں سزا یافتہ لکھا، جیل جاني سے پہلے خطوط میں خود کو بڑے فخر سے ننگ اسلاف لکھا کرتے تھے، کس کي مجال ن تھي، کس اس سےاتفاق کرے، اتفاق کرے، تو درکنا،مارے ڈر کے اختلاف بھي نہیں کرسکتا تھا، اب اپنےنام کے ساتھننگ اسلاف کے بجائے، سزایافتہ اس طرح لکھنے لگاے جیسے لوگ ڈگریاں یا خطاب لکھتے ھیں، قانون اور جیل سے ان کي جھجھک نکل چکي تھي۔

لب معشوق

اب کے دکانچلي اور ایسي چلي کہ خود انھیں بھي حیرت ھوئي، دکان کے باھر اسي شکار گاھ یعني کیبن میں اسي ٹھسے سے گاؤں تکیے کي ٹیک لگا کر بیٹھتے ، مگر زاویہ پسر گیا تھا، پیروں کا رخ اب فرش کي بہ نسبت آسمان کي طرف تھا، جیل میں سکونت پزیر ھونے سے پہلے قبلہ گاھک کو ہاتھ کے ملتجیانہ اشارھ سے طلب کرتے تہے، اب صرف انگشت شہادت کے خفیف سے اشارے سے طلب کرنے لگے، انگلي کو اس طرح حرکت دیتے جیسے ڈانواں ڈول پتنگ کو ٹھمکي دے کر اس کا قبلہ دسرت کرھے ھو، حقے کي نسے میں اب ایک فٹ کا اضافہ کرلیا، حقہ اب پیتے کم، گڑگڑاتے زیادھ تھے، بدبودار دھویں ک کا چھالاوا اس طرح چھوڑتے کہ گاھک کي ناک میں نتھ کي طرح لٹک جائے، اکثر فرماتے واجد علي شاہ، جان عالم پیانے، جوخوب صورت نام رکھنے میں اپنا ثاني نہ رکھتے تھے، حقے کا کیسا پیارا نام رکہا تھا، لب معشوق ، جو شخص کبھي حقہ کے پاس سے بھي گزرا ھے وھ بخوبي اندازھ لگاسکتا ھے کہ جان عالم پیا کا پالا کیے لبوں سے پڑا ھوگا، چناچہ معزولي کے بعد وھ فقط حقہ اپنے ہمراھ مٹیا برج لےگئے، پري خانے کے تمام معشوق لکھنؤ میں ہي چھوڑ گئے، اس لیے کہ معشوق کو نیچہ پکڑ کے گڑ گڑایا نہیں جاسکتا۔

بلي پہ لٹکا دوں گا

منشي ديا نرائن نگم کے رسالے زمانہ کے کاتب سے عرفي کا مشہور شعر احاطے کي ديوار پر ڈامر سي لکھواديا؛عرفي تو ميندش زغوغائے رقيباں‌آواز سگاں کم نہ کندر رزق گدا راھميں اس شعر سے نسلي عصبيت اور جانب دار کي بو آتي ھے ،کٹے اگر شعر کہ سکتے تو دوسرا مصرع کچه يوں ھوتا؛ من يعني پہلوان سيٹه دکان بڑھا کر کہيں اور چلا گيا، قبلہ بات بے بات ھر ايک کو دھمکي دينے لگے، کہ سالےکو اٹھا کر بلي پر ٹانگ دوں گا، ھيبت کا يہ عالم کہ اشارھ تو بہت دور کي بات ھے ، قبلہ جس گاھک کي طرف نظر اٹھا کر ديکه ليں، اسے کوئي آواز بھي نہيں ديتا تھا، اگر وھ از خود کسي دوسري دکان ميں چلاجاتا تو دکان دار اسے لکڑي نہيں دکھاتا تھا، ايک دفعہ ايسا بھي ھوا کہ سڑک پر يوں ھي کوئي راه گير منه اٹھائے جارھا تھا کہ قبلہ نے اسے انگلي سےاندر آنے کا اشارھ کيا، جس دکان کے سامنے سے وھ گزرھا تھا اس کا مالک اور منيم گھسٹتے ھوئے قبلہ کي دکان ميں دکھيل ديا، اس نے قبلہ سے روہانسا ھو کر کہا ميں تو مول گنج کيپتنگوں کے پيج ديکھنے جارھا تھا۔

وه انتظار تھا جس يہ وه شجر تو نہيں

پھر يکا يک ان کا کاروبار ٹھپ ھو گيا، وه کڑ مسلم ليگي تھے، اس کا اثر ان کي بزنس پر پڑا، پھر پاکستان بن گيا، انھوں نے اپنے نعرے کو حقيقت بنتے ديکھا ھے، اور دونوں کي پوري قيمت ادا کي، گاھکوں نےآنکھيں پھر ليں ، لکڑ منڈي کے چوھے شير ھوگئے، عزيز و اقارب جن سے وه تمام عمر لڑتے جھگڑتے اور نفرت کرتے رھے، ايک ايک کرکے پاکستان چلے گئے، تو ايک چھٹکے کے ساته يہ انکشاف ھوا کہ وه ان نفرتوں کے بغير زندھ نہيں رھ سکتے اور جب اکلوتي بيٹي اور داماد بھياپني دکان بيچ کرکر کراچي سدھارے توانہوں نے بھي اپنے خيمے کي طنا بيں کاٹ ليں، دکان اونےپونے ايک دلال کے ہاته بيچي، لوگوں کا کہنا تھا بے نامي سودا ھے، دلالکي آڑ ميں دکان دراصل اس ھي لنگڑے سيٹه نے خريد کر ان کي ناک کاٹي ھے، خفيف سا شبہ تو قبلہ کو بھي ھوا تھا، مگر اپنيبلا سے بوم بسي يا ہمار ھے، والي صورت حال تھي، ايک ھي جھٹکے ميں پيڑھوں کے رشتے ناتے ٹوٹ گئے اور قبلہ نے پرکھوں کي جنم بھوم چھوڑ کر ان کے خوابوں کي سر زمين کا رخ کيا۔
ساري عمر شيش محل ميں اپني مور پنکه انا کا ناچ ديکھتے ديکھتے، قبلہ ہجرت کرکے کراچي آئےتو نہ صرف زمين اجنبي لگي، بلکہ اپنے پيروں پر نظر پڑي تو وھ بھي کسي اور کے لگے،کھولنے کي تو لي مارکيٹ ميں ھر چند رائے روڈ پر لشتم پشتم دکان کھول لي، مگر بات نہيں بني، گجراتي ميں مثل ھے کہ پرنے مٹکے پر نيا منه نہيں چڑھايا جاسکتا، آنے کو تو وھ ايک نئي سرسبز زمين ميں آگئے، مگر ان کي بوڑھي آنکھيں پلکھن کوڈھونڈھتي رھيں، پلکھن تو درکنا ، انھيں تو کراچي ميں نيم تک نظر نہ آيا، لوگ جيسے نيم بتاتے تھے، وھ دراصل بکائي تھي،جس کي بنولي کو لکھنؤ ميں حکيم صاحب عالم چيچيش اور بواسير

کے نسخوں میں لکھا کرتے تھے۔وہ انتظار تھا جس کا یہ وہ شجر تو نہیں،کہاں کانپور کے دیہاتي گاھک، کہا کراچي کے نخریل سا گو ان خریدنے والے، در حقیقت انھیں جس بات سے سب سے زیادہ تکلیف ھوئي وہ یہ تھي، کہ یہاں اپنے قرب و جوار میں ، یعني اپنے سایہ زحمت میں ایک شخص بھي ایس نظر نہیں آیا جسے وہ بے ختر و بے وجہ گالي دے سکیں، ایک دن کہنے لگے، یہاں تو بڑھئي آري کا کام زبان سے لیتا ھے، چار پانچ دن ھوئے ایک دریدہ دہن بڑھئي آےا، اقبال مسیح نام تھا، میں نے کہا ،ابے پرے ہٹ کرکھڑا ھو، کہنے لگا، حضرت عیسي بھي تو رکھان تھے، میں کہا کیا کفر بکتا ھے؟ ابھي بلي پر لٹکادوں گا، کہنے لگا او لوک وي ایہي کہندےساں وہ لوگ بھي حضرت عیسي سے یہي کہتے تھے۔

میر تقي میر کراچي میں

پہلي نظر میں انھوں نے کراچي کو اور کراچي نے ان کو مسترد کردیا تھا، اٹھتے بیٹھتے کراچي میں کیڑے ڈالتے ، شکایت کا انداز کچہ ایسا ھوتا تھاخضت یہ مچھر ھے یا مگر مچہ؟ کراچي کا مچھر ڈیڈي ٹي سے بھي نہیں مرتا، صرف قوالوں کي تالیوں سے مرتا ھے، یا غلطي سے کسي شاعر کو کاٹ لے تو باؤلا ھو کر بے اولاد مرتا ھے، نمردو مردوں کي موت ناک میں سے مچھر گھسنے سے واقع ھوئي تھي، کراچي کے مچھروں کا شجرہ نسب کئي نمرودوں کے واسطے سے اسي مچھر سے جا ملتا ھے، اور ذرا زبان تو ملاحضہ فرمائیں میں نے پہلي بار ایک صاحب کو پٹے والے پکارتے سنا تو میں سمجھا اپنے کتے کو بلا رھے ھیں، معلوم ھوا یہاں چپراسي کو پٹے والا کہتے ھیں، ھر وقت کچہ نہ کچہ پھڈا اور لفڑ ھوتا رھتا ھے، ٹوکو تو کہتے ھیں، اردو میں اس صورت حال کیلئے کوئي لفظ نہیں ھے، بھائي میرے اردو میں یہ صورت حال بھي تو نہیں ھے، بمبئي والے لفظ اور صورت حال دونوں اپنے ساتہ لائے تھے، میر تقي میر اونٹ گاڑي میں منہ باندھے بیٹھے رھے، اپنے ھم سفر سے اس لیے بات نہ کي کہ زبان غیر سي اپني زباں بگڑتي ھے، میر صاحب کراچي میںھوتے تو بخدا ساري عمر منہ پر ڈھانا باندھے پھرتے، یہاں تک کہ ڈاکوؤں کا سا بھیس بنائے پھر نے پر کسي ڈکیتي میں دھر لیے جاتے، اماں ٹونک والوں کو امرود کو صفري کہتے تو ھم نے بھي سنا تھا، یہاں مرود کو جام کہتے ھییں اور اس پر نمک مرچ کے بجائے صاحب لگا دیں مراد نواب صاحب لسبیلہ ھوتے ھیں، اپني طرف وکٹوریہ کا مطلب ملکہ ٹوریا ھوتو تھا، یہاں کسي ترکیب سے دس بارہ جنے ایک گھوڑے پر سوري گانٹہ لیں تو اسے وکٹوریہ کہتے ھیں، میں دو دن لاھور رکا تھا، وھاں دیکھا جس بازار میں کوئلوں سے منہ کالا کیا جاتا ھے، وہ ھیرا منڈي کہلاتي ھے، اب یہاں نیا فیشن چل پڑا ھے، گانے والے کو گلوکار اور لکھنے والے کو قلم کار کہنےلگے ھیں، میاں ھمارے وقتوں میں صرف نیکو کا اور بدکار ھوا کرتے تھے، قلم اور

گلے سے یہ کام نہیں لیا جاتا تھا۔

میر تقي میر کراچي میں

میں نے لالو کھیت ، بہار کالوني ، چاقي واڑہ اور گولیمار کا چپہ چپہ دیکھا ھے، چودھ پندرھ لاکھ آدمي اخبار والے اب آدمي کہنے سےشرماتے ھیں، افراد اور نفوس کہتے ھیں، ضرور رھتے ھوں گے، لیکن کہیں کتابوں اور عطریات کي دکان نہ دیکھي، کاغذ تک کے پھول نظر نہ آئے ، کانپور میں ھم جیسے شرفا کے گھروں میں کہیں نہ کہیں موتیا کي بیل ضرور چڑھي ھوتي تھي، خضور والا یہاں موتیا صرف آنکھوں میں اترتا ھے حد ھوگئي، کراچي میں لکھ پتي، کڑوڑ پتي سیٹھ لکڑي اس طرح نپواتا ھے، گویا کم خواب کا پارچہ خرید رھا ھے، لکڑي دن میں دو فٹ بکتي ھے اور برادھ خریدنے والے پچاس میں نے برسون اپلوں پر پکایا ھواکھانا بھي کھایا ھے، لیکن برادے کي انگھیٹي پر جوکھانا پکے گا وھ صرف دو ذخمي مردوں کے چالیسویں کے لیے مناسب ھے۔

بھر پائے ایسي بزنس سے، مانا کہ روپیہ بہت کچھ ھوتا ھے، مگر سبھي کچھ تو نہیں، زرکو خاجت دوا کرنے والا، قاضي الحاجات کہا گیا ھے ، تسلیم، مگر جب یہ خود سب سے بڑي حاجت بن جائے تو وھ صرف موت سے رفع ھوگي، میں نے تو اسے زندگي میں ایسي کافي کھتري لکڑي نہیں بچي، نہ فروختني، نہ سوختني، بڑھئي کي یہ مجال چہاتي پہ چڑھ کر کمیشن مانگے، نہ دو تو مال کو گندے انڈے کي طرح قیامت تک سیتے رھوں، ھائے نہ ھوا کانپور بسولے سےسالے کي ناک اتار کر ھتہلي پر رکھ دیتا کہ جا اپني جروا کو دین مہر میں دے دینا، واللہ، یہاں کا تو باوا آدم ھي نرالا ھے ، سنتا ھوں یہاں کے بازار حسن نپئیر روڈ اور جاپاني روڈ پر شب زادیاں اپنے اپنے درشن دریچوں میں لال بتیاں جلتے ھي خنجراب چھاتیوں کے خوانچے لگا کر بیٹھ جاتي ھیں، فلموں میں بھي اشرف المعلاقات ھي کي نمائش ھوتي ھے، یہتو وھ ھي مثل ھے کہ اوچھے کے گھر تیتر، باھر باندھوں کے بھیتر، جمہوریہ اسلامیہ کي سرکار نے سروکار کچھ نہیں کر سکتي ، لیکن کسي طوائف کو شادي بیاھ میں مجرے کیلے بلانا ھو تو پہلے اسکي اطلاع تھانہ متعلقہکو دیني پڑتي ھے، رنڈي کو مرمٹ راشن کارڈپہ ملتے ھم نے ہیہں دیکھا، نقد عیش عندلطلب نہ ملاتو کس کام کا، درشني منڈیوں کا کیا کام۔مرزا عبد الودود بیگ اس صورت حال کي کچھ اور ھي تاویل کرتے تھے، فرماتے ھیں کہ طوائف کو تھانے سے این او سي اس لیے لینا پڑتا ھےکہ پولیس پوري طرح اطمینان کرلے کہ وھ اپنے دھندے پر ھي جارھي ھے، وعظسننے یا سیاست میں حصہ لینے نہیں جارھي ھے۔ایک دن قبلہ فرمانے لگے ابھي کچھ دن ھوئے کراچي کي ایک نامي گرامي طوائف کا گانا سننے کا اتفاق ھو، اماں اس کا تلفظ ت وچال چلن سے بھي زیادھ خراب نکلا، ھائے ایک زمانہ تھا، کہ شرفا اپنے بچوں کو ادب آداب سیکھنے کے لیے چوک

كي طوائفوں كے كوٹھے پر بہيجتے تھے۔اس باب ميں بھي مرزا سوظن سے كام ليتے ھيں، فرماتے ھيں كہ طوئفوں كے كوٹھوں پر تو اس ليے بھيجتے تھے، كہ بزرگوں كي صحبت اور گھر كےماہول سے بچے رھے۔

دوڑتا ھوا درخت

كراچي شہر انھيں كسي طور پر اور كسي طرف سے اچھا نہيں لگا، جھنھلا كر بار بار كہتے اماں يہ شہر ھے يا جہنم ؟ مرزا كسي دانا كے قول ميں تصرف بہ جا كركے فرماتے ھيں، كہ قبلہ اس دار الحمن سے كوچ فرمانے كے بعد اگر خدانہ خواستہ وھيں پہيچ گئے جس سے كراچي كو تشبيہ ديا كرتے تھے ، تو چاروں طرف نظر دوڑانے كے بعد يہي ارشاد ھوگا، كہ ھم نے تو سوچا تھا، كراچي چھوٹا سا جہنم ھے، جہنم تو بڑا سا كراچي نكلا۔ايک دفعہ ان كے ايک بے تكلفي دوست نے ان سے كہا كہ تمھيں معاشرے ميں خرابياں ھي خرابياں نظر آتي ھے، تو ان پر بيٹھے بيٹھے ان پر كڑھنے كے بجائے ان كي اصلاح كي فكر كرو۔ارشاد فرمايا، سنو ميں نے ايک زمانے ميں پي ڈبليوڈي كےكام بھي كيسے ھيں مگر دوزخ كي ايئر كنڈيشنگ كا ٹھيكا نہيں لے سكتا۔بات صرف اتني تھي كہ اپني چھاپ ، تلک اور چھپ چھپوانے سے پہلے وھ جس آئينہ ميں خود كو ديكھ ديكھ كر ساري عمر اتريا كيے، اس مين جب نئي دنيا اور نئے وطن كو ديكھا تو وھ امتداد زمانہ سے ڈسٹورٹنگ ميرر بن چكا تھا، جس ميں ھر شكل اپنا ھي منہ چڑاتي نظر آتي تھي۔
ان كے كاروباري حالات تيزي سے بگڑ رھے تھے، بزنس نہ ھونے كے برابر تھي، ان كي دكان كي ديوار پر ايک تازھ وصلي آويزاں ديكھ كر ھميں بڑا دكھ ھوا۔نہ پوچھ حال مرا، چوب خشک صحرا ھوں لگا كےآگ جسے كارواں روانہ ھوا ھم نے ان كا دل بڑھانے كيلے كہا كہ، آپ كو چوب خشک كون كہ سكتا ھے؟ آپ كي جواں ہمتي اور مستعدي پر ہميں تو رشک آتا ھے ، خلاف معمول مسكرائے، جبسے ڈينچرز ٹوٹے، منہ پہ رومال ركھ كر ھنسنے لگے تھے، كہنے لگے، ہاں مياں آپ جوان آدمي ھيں، اپنا تو يہ آحوال ھےكہ منفعل ھوگئے قوي غالب اب عناصر ميں ابتدال كہاں پھر منہ سے رومال ھٹاتے ھوئے كہا برخور دار، ميں وھ درخت ھو جو ٹرين ميں جاتے ھوئے مسافروں كو دوڑتا ھوا نظر آتا ھے ۔

ميرے ہي من كا مجھ پر دھاوا

يوں وھ حتي الامكان اپنے غصے كو كم نہيں ھونے ديتے تھے، كہتے تھے ،ميں ايسي جگہ ايک منٹ نہيں رہانا چاھتا جہاں آدميكسي پر غصہ ھي نہ ھو سكے اور جب انھيں ايسي ھي جگہ رھنا پڑا تو وھ زندگي ميں پہلي باراپنے آپ سے روٹھے، اب وھ آپ ھي كڑھتے، اندر ھي اندر كھولتے، جلتے، سلگتے، ميرے ھي من كا مجھ پر دھاوا،ميں ھي اگني ميں ہي ايندھن،انھي كا قول ھے كہ

ياد کهو، غصہ جتنا کم هوگا، اس کي جگہ اداسي ليتي چلي جائےگي، اور يہ بڑي بزدلي کي بات هے، بزدلي کے ايسے هي ادس لمحوں ميں اپني پناهيں تراش ليں،گويا البم کهل گيا تو دهند لاتے سيپيارنگ کي تصويريں چشم تصور کے سامنے بکهرتي چلي جاتيں، هر تصوير کے ساته زمانے کا ورق الٹے چلا گيا، هر اسنيپ شاٹ کي اپني ايک کہاني تهي، دهوپ ميں ابرق کے ذروں سے جلتي کچي سڑک پر گهوڑوں کے پسينے کي نرمہکار، بهيڑ کے نوزائيدہ بچے کوگلے ميں مفلر کي طرح ڈالے شام کو خوش خوش لوٹتے کسان، چلمنوں کے پهيچے هار سنگهار کے پهولوں سے رنگے هوئے دوپٹے ، ارهر کے هرے بهرے کهيت ميں پگڈنڈي کي مانگ، خشک سالي ميں ساون کے تهوتهے، بادلوں کو رہ رہ کر تکتي نراس آنکهيں، جاڑے کي اجاڑ راتوں ميں ٹهٹهرتے گيدڑوں کي منحوس آوازيں، چراغ جلے باڑے ميں لوٹتي گايوں کے گلے ميں بجتي هوئي گهنٹياں، کالي بهنورات ميں چوپال کي جلتي بجهتي گشتي چلم پر طويل سے طويل تر هوتے هوئے کش، موتيا کے کجروں کي لپٹ کے ساته کنوارے پنڈے کي بگولا مہکار، ڈوبتے سورج کي زرد روشني ميں تازہ قبر پر جلتي اگر بتي کا بل کهاتا هوا دهواں، دہکتي بالو ميں تڑختے چنوں کي سوندهي لپٹ سے پهڑ کتے هوئے نتهنے، ميونسپلٹي کي مٹيکے تيل کي لالٹين کا بهيکا يہ تهي ان کے گائوں کے ست سگند، يہ ان کے اپنے نافہ ماٹي کي مهکار تهي، جو يارون کے دشت ميں دواني پهرتي تهي۔

اولتي کي ٹپاٹپ

ستر سالہ بچے کے ذہن ميں تصوريں گڈمڈ وهنے لگتيں، خوشبوئيں، نرماہٹيں اور آوازيں بهي تصوير بن بن کر ابهرتيں، اسے اپنے گائوں ميں مينہ برنسے کي ايک ايک آواز الگ سنائي ديتي ، ٹين کي چهت پر تڑ تڑ بجتے هوئے تاشے، سوکہے پتوں پر کراري بوندوں کو شور، پکے فرش پر جہاں انگل بهر پاني کهڑا هوجاتا وہاں، موٹي بوند گرتي تو ايک موتيوں کا تاج سا هوا ميں اچهل پڑتا، تپتي کهپريلوں پر اڑتي بدلي کے جهالے کي سنسنا هٹ، گرمي دانوں سے اوپڑے بالک بدن پر برکها کي پہلي پهوار، جيسے کسي نے منتهول ميں نهلاديا، جو ان بيٹے کي قبر پر پہلي بارش اور ماں کاننگهے سرآنگن ميں آ آ کر آسمان کي طرف ديهکنا، پهبک اٹهنے کے ليے تيار مٹي پر ٹوٹ کے برسنے والے بادلوں کي هرادل گرم لپيٹ ، ڈهولک پر ساوان کے گيتش کي تال پر بجتي چوڑياں اور بے تال قہقہے سوکہے تلاب کے سرسراتے ريلے، تهوني سے لٹکي هوئي مٹي دراڑوں کو لوازتي جال ميں ترسا ترسا کربرسنے والي بارشوں کے همک کر پرائے آنگن ميں گرتے پر نالے ، آموں کے پتوں پر مجيرے بجاتي نرسل بوچهار اور جهولوں پر پينگيں ليتي دوشيزائيں۔

اور پهر رات کے سناٹے ميں پاني تهمنے کے بعد سوتے جاگتے ميں اولتي کي ٹپاٹپ اولتي کي ٹپاٹپ تک پيهنچتے پيهنچتے قبلہ کي آنکهيں جل تهل هوجاتيں،

بارش تو ہم انھیں اپنے لاھور اور نتھیا گلي کي ایسي دکھاسکتے تھے کہ عمر رفتہ کي ساري ٹپاٹ بھول جاتے، پر اولتي کہاں سے لاتے ؟ اسے طرح آم تو ھم ملتان کا ایک سے ایک پیش کرسکتے تھے، دسہري، لنگڑا ، ثمر بہشت، انور رتول ، لیکن ھمارے پینجاب میں تو ایسے درخت ناپید ھیں جن میں آموں کے بجاے دوشیزائیں لٹکي ھوئي ھوں، چناچہ ایسے نازک موقعوں پر ھم خاموش، ھمہ تن گوش، بلکہ خرگوش بنے اولتي کي ٹپاٹپ سنتےرھتے۔

قبلہ کا ریڈیو اونچا سنتا تھا

دریا کے بہاؤکے خلاف تیرنے میں تو خیر کوئي نقصان نہیں ، ھمارا مطلب ھے کہ دریا کا نقچان نہیں، لیکن قبلہ کو تو سیکڑوں فٹ کي بلندي سےگرتے ھوئے آبشار نیا گرا پر تیر کر چڑھنا چاھتے تھے، یایوں کہیے کہ تمام عمر نیچے والي ایس کے لیٹر سے اوپر چڑہنے کي کوشس کرتے رھے، اور ایس کے لیڑ بنانے والے کو گالیاں دیتے رھے، ایک دن کہنے لگے مشتاق میاں یہ تمہارا کراچي بھي عجب مردم شناس شھر ھے ۔ نہ خریداري کي تمیز، نہ خودراي کے آداب، نہ کسي کي بزرگي کا لحاظ ملاحظہ، میں جس زمانے میں بشارت میاں کے ساتہ بہار کالوني میں رھتا تھا، ایک بیٹري سے چلنے والا ریڈیو خرید لیا تھا،اس زمانے میں ریڈیو میں کار کي بیٹري لگواني پڑتي تھي، بہار کالوني میں بجلي نہیں تھي، اس کا رکھنا اور چلانا ایک درد سر تھا، بشارت میاں روزانہ بیٹري اپني کارخانے میں لے جاتے اور چارج ھونے کیلئے آرامشین لگادیتے، ساتہ آٹہ گھنٹے میں اتني چارج ھو جاتي تھي کہ بس ایک آدھا گھنٹا بي بي سي سن لیتا، اس کے بعد ریڈو سے آرا مشین کي آوازیں آنا شروع ھوجاتیں اور میں اٹہ کر چلا جاتا،گھر کے پچھواڑے ایک چیپچ گٹ اونچي نہایت قیمتي، بے گانٹہ بلي گاڑ کر ایریل لگارکھا تھا،اس کے باوجود ریڈیو اونچا سنتا تھا، آئےدن پتنگ اڑانے والے لونڈے میرے ایریل سے پیچ لڑاتے، مطلب یہ کہ اس میں پتنگ الجھا کر زور آزمائي کرتے، ڈور ڈوٹ جاتي، ایریل خراب ھوجاتا، ارے صاحب ایریل کیا تھا، پتنگوں کا فضائي قبرستان تھا، اسپ ریہ کئي پتنگیں چوبیس گھنٹے اس طرح پھڑ پھڑاتي رھتیں ، جیسے سڑک کے کنارے کسے نوفویدھ پیر کےمزار پر جھنڈیاں، پچیس فٹ کي اونچائي پر چڑھ کر ایریل دوبارھ لگانا، نہ پوچہئیے کیسا عذاب تھا، بس یوں ھي سمجھئیے سولي پہ لٹک کے بي بي سي سنتا تھا، بہر حال جب برنس روڈ کے فلیٹ میں منتقل ھونے لگا تو سوچا، وہاں تو بجلي ھے چلو ریڈیو بیچتے چلیں، بشارت میاں بھي عاجز آگئے تھے، کہتے تھے، اس سے تو پتنگوں کي پھڑ پھڑا ہٹ براڈ کاسٹ ھوتي ھے، ایک دور کے پڑوسي سے ۲۵۰روپے میں سودا پکا ھوگیا، علي الصبح وھ نقد رقم لے آیا، اور میں نے ریڈیو اس کے حوالے کردیا، رات کو گیارھ بجے پھاٹک بند کرنے باھر نکلا تو کیا دیکھتا ھوں وھ شخص اور اس کے بیل جسي گردن والےدو بیٹے کدال پھاؤڑا لیے مزے سے ایریل کي بلي کو اکھاڑ رھے ھیں، میں ڈپٹ کر

پوچھا یہ کیا ہورہا ہے؟ سینہ زوري دیکھوں کہتے ہیں، بڑے میاں بلي اکھاڑ رہے ہیں، ہماري ہے۔ڈھائي سو روپے میں ریڈیو بیچا ہے بلي سے کیا تعلق تعلق نہیں تو ہمارے ساتھ چلو اور ذرا بلي کے بغیر بجا کے دکھاؤ یہ تو اس کي ایسسري ہے۔نہ ہوا کانپور ۔سالے کي زبان گدي سے کھینچ لیتا اور ان حرامي پلوں کي بیل جیسي گردن ایک ہي وار میں بھٹا سي اڑا دیتا ، میں نے تو زندگي میں ایسا بد معاملہ، بے ایمان آدمي نہیں دیکھا، اسي اثنا میں وہ نابکار بلي اکھاڑ کے زمین پر لٹال چکا تھا، ایک دفعہ جي میں تو آیا کہ اندر جا کر ۱۲بور لے آؤں اور اسے بھي بلي کے برابر میں لٹال دوں پھر خیال آیا کہ بندوق کا لائنسس تو ختم ہوچکا ہے ، اور کمینے کے منه کي لگنا، اس کي بے قصور بیوي رانڈ ہو جائےگي، وہ زیادہ قانون چھانٹںے لگا تو میں کہا، جا جا تو کیا سمجھتا ہے؟ بلي کي حقیقت کیا ہے ، یہ دیکه یہ چھوڑ کے آئے ہیں۔ قبلہ حویلي کي تصوریر دکھاتے ہي رہ گئے اور وہ تینوں بلي اٹھا کر لے گئے۔

معذور بیوي اور گشتي چلم

ان کي زندگي کا ایک پہلو ایسا بھي تھا، جس کا کسي نے انکو شراتہ ذکر کرتے نہیں سنا تھا، ہم اس کي طرف ابتدائي حصے میں اشارہ کرچکے ہیں، ان کي شادي بڑے چاؤ چونتلے سے ہوئي تھي، بیوي بہت خوب صورت، نیک طینت اور سلیقہ شعار خاتون تھیں، شادي کے چند سال بعد ایک مرض لاحق ہوا کہ پہنچوں تک دونوں ہاتھوں سے معذور ہوگئیں، قریبي اعزہ بھي ملنے سے گریز کرنے لگے، روز مرہ کي ملاقاتیں ، شادي غمي میں شرکت ، سبھي سلسلے رفتہ رفتہ منقطع ہوگئے، گھر کا سارا کام نوکر اور ماماٰئیں تو نہیں کرسکتي تھیں، قبلہ جس سے محبت اور دل سوزي سےتمام عمر بے عذر خدمت اور دیکه ریکه کي، اس کي مثال مشکل سے ملے گي، کبھي ایسا نہیں ہوا کہ ان کي چوٹي بے گندھي اور دوپٹہ بے چنا ہو، یا جمعے کو کاسني رنگ کا نہ ہو، وقت نے سر پر کانسي دوپٹے کے نیچے روئي کے گالے جمادیے، مگر ان کي توجہ اور پیار میں جو ذرا فرق آیا ہوں، یقین نہیں آتا تھا، کہ ایثار و رفاقت کا یہ وہ پیکر وهي مغلوب الغضب آدمي ہے جو گھر کے باهر ایک چلتي ہوئي تلورا ہے، زندگي کا بھر کا ساته ہو تو صبر اور سجھاؤ کي آزمائش کے ہزار مرحلے آتے ہیں، مگر انھوں نے اس معذور بي بي سے کبھي اونچي آواز میں بھي بات نہیں کي۔
کہنے والے کہتے ہیں کہ ان کي جھلاہٹ اور غیظ و غضب کي ابتدا اسي سانحہ معذوري سے ہوئي، وہ بي بي تو مصلے پر ایسي بیٹھیں کہ دنیا میں جنت مل گئي، قبلہ کو نماز پڑھتے کسي نے نہیں دیکھا، لیکن زندگي بھر جیسي سچي محبت اور راتوں کو اٹه اٹه کر جیسي بے عذر اور خاموش خدمت انھوں نے چالیس برس تک کي، وهي ان کیعبادت و ریاضت، وہ ہي ان کا ورد وظیفہ اور وہ ہي ان کي دعائے یم شبي تھي، وہ بڑا بخشن رہا ہے، شاید یہي انکا وسیلہ

بخشائش بن جائے۔ایک دور ایسا بھي آیا کہ بیوي سے ان کي یہ حالت نہ دیکھي گئي ،خود کہا کسي رانڈ ،بیوھ سے شادي کرلو، بولے ،ہاں، بھاگوان، کریں گے، کہیں دو گز زمین کا ایک ٹکڑا ھے جو نہ جانے کب سے ھماري بارات کي راھ دیکه رھا ھے، وھیں چار کاندھوں پہ ڈولا اترے گا،، بیوي مٹي سدا سہاگن ھے سا جائیں گے اک روز زمیں میں اوڑھ کے ھم بھي۔بیوي کي آنکه میں آنسو دیکہتے تو بات کا رخ پھیر دیا کرتے، وھ اپني ساري ،امیجري، لکڑي، حقے اور تمباکو سے کشید کرتے تھے، بولے، بیوي ، یہ رانڈ بیوھ کي قید تم نے کیاسوچ کر لگائي؟ مانا شیخ سعدي کہہ گئے ھیں، زن بیوہ مکن اگر چہ حوراست، مگر تم نے شاید وھ پوبي مثل نہیں سني پہلے پیوے بھکوا، پھر پیوے تمکوا، پیچھے پیوے حلیم چاٹ ، یعني جو شخص پہلے حقہ پیتا تھا، وھ بدھو ھے در اصل وھ تو چلم سلگانے اور تاؤ پر لانے میں ھي جٹا رھتا ھے، تمباکو کا اصل مزھ تو دوسرے شخص کے حصے میں آتا ھے اور جو آخر میں پیتا ھے وھ جلے ھوئے تمباکو سے خالي بھک بھک کرتا ھے۔

جدھر جائیں دہکتے جائیں

کراچي میں دکان تو پھر بھي تھوڑي بہت چلي، مگر قبلہ بالکل نہیں چلے، زمانے کے تغیر اور گرد پیش پر کس کا زور چلا ھے، جو ان کا چلتا، حوادث کو روکا نہیں جاسکتا ھے، شخصیت میں پیچ پڑجائیں تو دوسروں کے علاوھ خود کو بھي تکلیف دیتےھیں ، لیکن جب وھ نکلنے لگیں تو اور زیادھ اذیت ھوتي ھے، کراچي ہجرت کرنے کے بعد اکثر فرماتے کہ ڈیڑھ سال جیل میں رھ کر جو تبدیلي مجه میں نہ آئي وھ یہاں ایک ھفتے میں آگئي، یہاں تو بزنس کرنا ایسا ھےجیسے چنگھاڑے کے تالاب میں تیرنا ، کانپور ھي کے چھٹے ھوئے چھا کٹے یہاں شیر بنے دندناتے پھرتے ھیں، اور اچھے اچھے شرفا ھیں، کہ گیدڑ کي طرح دم کٹوا کے بھٹ میں جا بھیٹے ، ایسا بجو پڑا خود بخود بل میں ھے ھر شخص سمایا جاتا،جو دانا ھیں وہ اپني د میں چھپائے بلوں میں گھسے بیٹھے ھیں،باھر نکلنے کي ہمت نہیں پڑتي ، اس پر مرزا نے ہمارے کان میں کیا کہا،انیس دم کا بھروسا نہیں ٹھہر جاؤ،ایک دوست نے اپني آبرو جو کھم میں ڈال کے قبلہ سے کہا کہ گزار ھو زمانہ لوٹ کر نہیں آسکتا، حالات بدل گئے ، آپ بھي خود کو بدل لیجئے، مسکرائے ،فرمایا، خربوزہ خود کو گول کرلے تب بھي تربوز نہیں بن سکتا۔
بات دراصل یہ تھي کہ زمانے کا رخ پہچاننے کي صلاحیت ،حلم و بردباري،نرمي اور لچک نہ ان کي سرشت میں تھي اور نہ زمیں دارانہ ماحول اور معاشرے میں ان کا شمار خوبیوں میں ھوتا تھا، سختي، خورائي، تمکنت، خشونت اور جلال مزاج عیب نہیں، بلکہ فیوڈل کردار کي راستي اور مظبوطي کي دلیل تصور کیے جاتے تھے ، اور زمیں دار تو ایک طرف رھے، اس زمانے کے علما تک ان اوصاف پر فخر کرتے تھے۔ھم نہ نکہت ھیں، نہ گل

هیں، جو مہکتے جاویں،آگ کي طرح جدھر جاویں دہکتے جاویں،قبلہ کے حالات تیزي سے بگڑنے لگے تو ان کے بہي خواہ میاں انعام الہي نے جو اپني خوردي کے باوصف انکے مزاج اور معاملات میں درخورکھتے تھے، عرض کیا دکان ختم کرکے ایک بس خرید لیجئے، گھر بیٹھے آمدني کا وسیلہ ھے ، روٹ پرمٹ میرا ذمہ ، آج کل اس دھندے میںبڑي چاندي ھے، یک بارگي جلال آگیا، فرمایا ، چاندي تو طبلہ سارنگي بجانے میں بھي ھے، ایک وضع داري کي ریت بزرگوں سے چلي آرھي ھے، جس کا تقاضا ھے کہ خراب و خوار ہي ھونا مقدر میں لکھا ھے تو اپنے آبائي اور آزمودہ طریقے سے ھوں گے، بندہ ایسي چاندي پر لات مارتا ھے۔چرغ اب ھمیں جو دے ھے ، نہیں لیتے ھم،کونین بھي گو دے ھے، نہین لیتے ھم
ھم لیتے ھیں جس ڈہب سے، نہیں دیتا وہ،جس ڈھب سے کہ وہ دے ھے ، نہیں لیتے ھم

آخري گالي

کاروبار مندا بلکہ ٹھنڈا، طبعیت زنگ رنگ، بے دلي کے عالم میںدن گزر رھے تھے، دکان داري اب ان کي مالي نہیں، نفسیاتي ضروت تھي، سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ دکان بند کردي تو گھر میں پڑے کیا کریں گے، پھر ایک دن یہ ھوا کہ ان کا نیا پٹھان ملازم زرین گل خان کئي گھنٹے دیر سے آیا، ھر چند غصے کو پینے کي کوشش کرتے، لیکن پراني عادت کہیں جاتي ھے، چند ماہ قبل انھوں نے ایک ساٹھ سالہ منشي آدھي تنخواہ پر رکھا تھا، جو گیر وے رنگ کا ڈھیلا ڈھالہ جبہ پہنے، ننگے پیر زمین پر آلتي پالتي مارے حساب کتاب کررھے ھیں، کرسي یا کسي بھي اونچي چیز پر بہیٹنا اس کے مسلک میں منہ تھا، وارثي سلسلے سے کسي بزرگ سے بیت تھا، فرض شناس، ایمان دار، پابندصوم صلوتہ، زود رنج کا کام میں چوپٹ، قبلہ نے طیش میں آکر کہا ایک دن اسے حرام خور کہہ دیا، سفید داڑھي کا لحاظ بھي نا کیا ،اس نے رسان سے کہاں، حضور کے ہاں جوشے وافر ملتي ھے وہ ھي تو فقیر کھائے گا، سلام علیکم یہ جا وہ جا دوسرے دن سے منشي جي نے آنا اور قبلہ نے حرام خور کہناچھوڑ دیا، لیکن حرام خوروں کے علاوہ اور بھي تو دل دکھانے والے بہیتر لفظ ھیں، زرین گل خان کو سخت ست کہتے ھیں ان کے منہ سےرواني اور سرگرامني میں وہي گالي نکل گئي جو اچھے دنوں میں ان کا تکیہ کلام ھوا کرتي تھي، گالي کي بھانک گونج درہ آدم خیل کے پھاڑوں تک ٹھنٹھناتي پہنچي جہاں زرین گل بیوہ ماں رھتي تھي وہ چھ سال کا تھا، جب ماں نے بیوگي کي چادر اوڑھي ےھي، بارہ سال کا ھوا تو اس نے وعدہ کیا کہ ماں میں اور بڑا ھوجاؤں تو کراچي میں نوکري کرکے تجھے پہلي تنخواہ سے بغیر پیوند کي چادر بھیجوں گا، اسے اج تک کسي نے یہ گالي نہیں دي تھي، جوان خون، غصیلا مزاج، پھٹان کي غیرت اور پختو کا سوال تھا۔ زریں گل نے ان کي ترچھي ٹوپي اتار کر

پھینک دي اور چاقو تان کر کھڑا هوگیا، کہنے لگا بڈھے میرے سامنے سے ہٹ جا، نہیں تو ابھي تیرا پیٹ پھاڑ کر کلیجا کچا چبا جاؤں گا۔ تیرا پلید مردھ بلي پہ لٹکا دوں گا۔ایک گاهک نے بڑھ کر چاقو چھینا، بڈھے نے جھک کے زمین سے اپني مخملي ٹوپي اٹھائي اور جھاڑے بغیر سر پر رکھ لي۔

کون کیسے ٹوٹتا هے

دس پندرھ منٹ بعد وھ دکان میں تالا ڈال کر گھر چلے آئےاور بیوي سے کہہ دیا، اب هم دکان نہیں جائیں گے، کبھ دیر بعد محلے کي مسجد سے عشاء کیا اذان کي آواز بلند هوئي اور وہ دوسرے هي الله اکبر پر وضو کرکے کوئي چالیس سال بعد نماز کے لئے کھڑے هوئے تو بیوي دهک کر رھ گئیں کہ خیر تو هے، اس لیے کہ انهیں دو سورتون کے علاوھ کچھ یاد نہیں رهتا ، وتر بھیادهورے چھوڑ کر سلام پھیر لیا کہ یہ تک یاد نہیں آرها تھا کہ دعائے قنوت کے ابتدائي الفاظ کیا هیں۔
وھ سوچ بھي نہیں سکتے تھے کہ آدمي اندر سے ٹوٹ بھي سکتا هے ، اور یوں ٹوتتا هے اور جب ٹوٹتا هے تو اپنوں بیگانوں سے حد یہ کہ اپنے سب سے بڑے دشمن سے بھي صلح کرلیتا هے ، یعني اپنے آپ سے ، اسي منزل پر بصیرتوں کا نزول هوتا هے ، دانش و بینش کے باب کہلتے هیں۔
چشم هو تو آنہہ خانہ هے دهر، منه نظر آتے هیں دیواروں کے بیچ

کون کیسے ٹوٹتا هے

ایسے بھي محتاط لوگ هیں جو پیکار و فشار زیست سے بچنے کي خاطر خود کو بے عملي کے حصار عافیت میں قید رکھتے هیں، یہ بھاري و قمیتي پردوں کي طرح لٹکے لٹکے هي لیر لیر هوجاتے هیں، کچھ گم صم گمبھیر لوگ اس دیوار کي مانند تڑختے هیں،جس کي مہین سے دراڑ جو عمدہ پینٹ یا کسي آرائشي تصویر سے باآساني چھپ جاتے هیں، اس بات کي غمازي کرتي هے کہ نیو اندر هي اند کسي صدمے سے زمین میں دهنس رهي هے، بعض لوگ چیني کے برتن کي طرح ٹوٹتے هیں، کہ مسالے آساني سے جڑ تو جاتے هیں، مگر وھ بال اور جوڑ پہلے نظر آتا هے ، برتن بعد میں ، اس کے برعکس کچھ ڈھیٹ اور چپکو لوگ ایسے اٹوٹ مادے کے بنےهوتے هیں کہ چیونگ گم کي طرح کتنا هي چباؤ توٹنے کا نام نہیں لیتے، کھینچنے سے کھینچنے هیں، چھوڑے سے جاتے هیں سکڑ، آپ انهیں حقارت سے تھوک دیں تو جوتے سے اس بري طرح چپکتے هیں،کہ چھٹائے سے نہین چھوتے رھ رھ کر خیال آتا هے کہ اس سے تو دانتوں تلے هي بھلے تھے، کہ پپول تو لیتے هیں، یہ چیونگ گم لوگ خود آدمي نہیں، پر آدم شناس هیں، یہ کامیاب و کامران کامگار لوگ هے ، یہ وھ هیں جنھوں نے انسانوں کو دیکھا، پرکھا اور برتا هے اور جب اسے کھوٹا پایا تو خود بھي کھوٹے هوگئے وقت کي اٹھتي موج نے اپنے حباب کا تاج ان کے

سر پہ رکھا اورساعت گزران نے اپنے تخت روان پہ بٹھایا۔
اور کچھ ایسے بھي ھیں کہ کار کے ونڈ اسکرین کي مانند ھوتے ھیں، ثابت و سالم ھیں تو سینہ عارف کي طرح شفاف کہ دو عالم کا نظارھ کرلو، اور یکا یک توٹے تو ایسے ٹوٹے کہ نہ بال پڑا، نہ در کے نہ تڑخے، یکبارگي ایسے ریزہ ریزہ ھوئے کہ ناعارف رہا، نہ دو عالم کي جلوھ گري، نہ آئینے کا پتا کہ کہاں تھا، کدھر گیا، نہ حذررہانہ خطر رھا، جورھي سو بخبري رہي۔اور ایک انا ھے کہ یوں ٹوٹتي ھے جیسے جابر سلطانوں کا اقبال یا حضرت سلیمان کا عصا جس کي ٹیک لگائےوھ کھڑے تھے، کہ روح قفس عنصري سے پروز کرگئي، لیکن ان کا قالب بے جان ایک مدت تک اسي طرح استادھ رھا اور کسي کو شبہ تک نہ گزرا کہ وھ رحلت فرما چکے ھیں، وھ اسي طرح بے روح کھٹے رھے اور ان کے اقبال اوررعب و دبدبے سے کاروبار سلطنت حسب معمول سابق چلتا رھا، ادھر عصا کو دھیرے دھیرے گھن اندر سے کھاتا رھا، یہاں تک کہ ایکدن وھ چٹاح سے ٹوٹ گیا اور حضرت سلیمان کا جسد خاکي فرش زمین پر آرھا، اس وقت ان کي امت اور رعیت پر کھلا کہ وھ دنیا سے پردھ فرماچکے ھیں۔سو وھ دیمک زدھ عصائے پندار و جلال جس کے بل قبلہ نے غل و غش زندگي گزاري آج شام ٹوٹ گیا اور زیست کرنے کا وھ طنطہ اور ھمھمہ سرنگوں ھوا۔

میں پاپن ایسي جلي کوئلہ بھئي نہ راکھ

انھیں اس رات نیند نہیں آئي، فجر کي اذان ھورھي تھي کہ کہ ٹمبر مارکیٹ کا ایک چوکیدار ھانپتا کانپتا آیا اور خبر دي کہ صاحب جي، آپ کي دکان اور گودام میں اگ لگ گئي ھے، آگ بھجانے کے انجن تین بجے ھي آگئے تھے، سارا مال کوئلہ ھوگیا، صاحب جي،آگ کوئي آپ ھي آپ تھوڑا ہي لگتي ھے، وھ جس وقت دکان پہنچےتو سرکاري اصطلاح مین آگ پر قابو پایا جاچکا تھا،فائر بریگیڈ کي متعدد اور کارکردگي کے علاوھ اس کو بھي بڑا دخل تھا کہ اب جلنے کے لیئے کچھ باقي نہیں رھا، شعلوں کي لپلپاتي دو شاخہ زبانیں کالي ھوچلیں تھیں، البتہ چیڑ کے تختے ابھي تک دھڑ دھڑ جل رھے تھے، اور فضا دور دور تک ان کي تیز خوشبو کے آتشیں آبشار میں نہائي ھوئي تھي، مال جتنا تھا۔
سب جل کر راکھ ھو چکا تھا۔ صرف کونے میں ان کا چھوٹا سا دفتر بچا تھا، عرصہ ھوا، کانپور میں جب لال رمیش چندر نے ان سے کہا تھا حالات ٹھیک نہیں ھیں، گودام کي انشورنس پالیسي لے لو، تو انھوں نے ململ کے کرتے کي چني ھوئي آستین الٹ کر اپنے بازو کي پھڑکتي ھوئي مچھلیاں دکھاتے ھوئے کہا تھا، یہ رھي یاروں کي انشورنس پالیسي، پھر اپنے ڈنٹر پھلا کر لالہ رمیش چندر سے کہا ، ذرا چھوکر دیکھو، لالہ جي نے اچنبھے سے کہا لوہا ھے لوہا، بولے نہیں فولاد کہو۔دکان کے سامنے خلقت کے ٹھٹ لگے تھے، ان کو لوگوں نے اس طرح راستہ دیا جیسے جنازے کو دیتے ھیں،ان کا چہرھ جذبات سے عاري تھا، نہ لب بے سوال پر کوئي لرزش ، انھوں نے اپنے دفتر کاتالا کھولا، انکم ٹیکس

کے حسابات اور گوشوارے بغل میں مارے اور گودام کے مغربي حصے میں جہاں چیڑ سے ابھي شعلي اور خوشبوؤں کي لپٹیں اٹه رهي هیں، تیز تیز قدموں سے گئے پہلے انکم ٹیکس کے کھاتے اور ان کے بعد چابیوں کا گچھا نذرآتش کیا، پھر آہستہ آہستہ ، دائیں بائیں نظر اٹھائے بغیر ، دوبارہ اپنے دفتر مین داخل هوئے، حویلي کا فوٹو دیورا سے اتارا رومال سے پونچه کر بغل میں دبایا اوردکان جلتي چھوڑ آئے۔بیوي نے پوچھا اب کیا هوئے گا ؟انهوں نے سرجھکا لیا۔اکثر خیال آتا هے، اگر فرشتے انهیں جنت کي طرف لے گئے جہاں موتیا دھوپ هوگي اور کاسنے بادل، تو وہ باب بہشت پر کچه سوچکر ٹھٹک جائیں گے۔ رضوان جلد اندر داخل هونے کا اشارہ کرے گاتو سینہ تانے اس کے قریب جا کر کچه دکہاتے هوئے کہیں گے۔یہ چھوڑ کر آئے هیں۔

دُعاگو

شاھدریاض

shahid.riaz@gmail.com